4338: **اطراف :مسلم** کتاب الفضائل باب توقیرہ وترک اکثار سؤالہ ﷺ 4337 ، 4339، 4340

تخریج :بخاری کتاب العلم باب من برک علی رکبتیہ عند الامام او الحدیث 93 کتاب مواقیت الصلاۃ باب وقت الظھر عند الزوال 540 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ باب مایکرہ من کثرۃ السؤال 7294 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ المائدۃ 3056

الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ تَمَامَ الْآيَةِ [6120]

چیزوں کے بارہ میں سوال مت کرو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کردی جائیں تو وہ تمہیں تکلیف میں ڈال دیں۔☆

4339{136} وحَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِينَ زَاغَتْ الشَّمْسُ فَصَلَّى لَهُمْ صَلَاةَ الظُّهْرِ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ السَّاعَةَ وَذَكَرَ أَنَّ قَبْلَهَا أُمُورًا عِظَامًا ثُمَّ قَالَ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَسْأَلَنِي عَنْ شَيْءٍ فَلْيَسْأَلْنِي عَنْهُ فَوَاللَّهِ لَا تَسْأَلُونَنِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَخْبَرْتُكُمْ بِهِ مَا دُمْتُ فِي مَقَامِي هَذَا قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَأَكْثَرَ النَّاسُ الْبُكَاءَ حِينَ سَمِعُوا ذَلِكَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكْثَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقُولَ سَلُونِي فَقَامَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حُذَافَةَ فَقَالَ مَنْ أَبِي يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ أَبُوكَ حُذَافَةُ فَلَمَّا أَكْثَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَنْ يَقُولَ سَلُونِي بَرَكَ عُمَرُ

4339: ابن شہاب سے روایت ہے کہ مجھے حضرت انسؓ بن مالک نے بتایا کہ جب سورج خوب چمک گیا تھا تو رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور انہیں ظہر کی نماز پڑھائی۔ جب آپؐ نے سلام پھیرا تو منبر پر کھڑے ہوئے اور اس گھڑی کا ذکر فرمایا اور فرمایا کہ اس سے قبل بہت بڑے امور ظہور پذیر ہوں گے۔ پھر فرمایا جو پسند کرتا ہے کہ کسی چیز کے بارہ میں مجھ سے سوال کرے وہ اس بارہ میں مجھ سے پوچھ لے۔ اللہ کی قسم! جب تک میں اپنی اس جگہ پر ہوں تم مجھ سے جس چیز کے بارہ میں بھی سوال کرو گے میں تمہیں اس کے بارہ میں بتادوں گا۔ حضرت انسؓ بن مالکؓ کہتے ہیں کہ جب لوگوں نے اس بارہ میں رسول اللہ ﷺ سے سنا تو لوگ بہت روئے اور جب رسول اللہ ﷺ نے بار بار فرمایا کہ مجھ سے سوال کرو تو اس پر حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کھڑے ہوئے اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! میرا باپ کون ہے؟ حضورؐ نے فرمایا تمہارا باپ حذافہ ہے۔ پھر جب رسول اللہ ﷺ نے بار بار فرمایا کہ مجھ سے سوال کرو

☆ (المائدہ: 102)

4339:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب توقیرہ وترک اکثار سؤالہ ﷺ 4337 ، 4338، 4340

تخریج : بخاری کتاب العلم باب من برک علی رکبتیہ عند الامام او الحدیث 93 کتاب مواقیت الصلاۃ باب وقت الظھر عند الزوال 540 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ باب مایکرہ من کثرۃ السؤال 7294 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ المائدۃ 3056

فَقَالَ رَضِينَا بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا قَالَ فَسَكَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ عُمَرُ ذَلِكَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْلَى وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ آنِفًا فِي عُرْضِ هَذَا الْحَائِطِ فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ قَالَتْ أُمُّ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُذَافَةَ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُذَافَةَ مَا سَمِعْتُ بِابْنٍ قَطُّ أَعَقَّ مِنْكَ أَأَمِنْتَ أَنْ تَكُونَ أُمُّكَ قَدْ قَارَفَتْ بَعْضَ مَا تُقَارِفُ نِسَاءُ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ فَتَفْضَحَهَا عَلَى أَعْيُنِ النَّاسِ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حُذَافَةَ وَاللَّهِ لَوْ أَلْحَقَنِي بِعَبْدٍ أَسْوَدَ لَلَحِقْتُهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَحَدِيثُ عُبَيْدِ اللَّهِ مَعَهُ غَيْرَ أَنَّ شُعَيْبًا قَالَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنَّ أُمَّ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُذَافَةَ قَالَتْ بِمِثْلِ حَدِيثِ يُونُسَ[6121,6122]

تو (حضرت) عمرؓ اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھے اور عرض کیا ہم راضی ہیں اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر۔ راوی کہتے ہیں جب حضرت عمرؓ نے یہ کہا تو رسول اللہ ﷺ خاموش ہو گئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہلاکت قریب ہے۔ اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے ابھی اس دیوار کے پہلو میں جنت اور آگ میرے سامنے پیش کی گئیں۔ پس میں نے آج کے دن کی طرح نہ تو خیر دیکھی اور نہ شر۔ ابن شہاب کہتے ہیں مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کی ماں نے حضرت عبداللہ بن حذافہؓ سے کہا میں نے تجھ سے زیادہ کوئی نافرمان بیٹا نہیں سنا۔ کیا تو اس بات سے امن میں ہے کہ تیری ماں نے بھی زمانہ جاہلیت کی بعض عورتوں کی طرح گناہ کیا ہو اور تو لوگوں کے سامنے اسے رسوا کرتا رہے۔ حضرت عبداللہؓ بن حذافہ نے کہا اللہ کی قسم! اگر آپؐ مجھے ایک حبشی غلام سے ملا دیتے تو میں ضرور اس کے ساتھ مل جاتا۔

4340{137}حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّاسَ سَأَلُوا نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَحْفَوْهُ بِالْمَسْأَلَةِ فَخَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ سَلُونِي لَا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا بَيَّنْتُهُ لَكُمْ فَلَمَّا سَمِعَ ذَلِكَ الْقَوْمُ أَرَمُّوا وَرَهِبُوا أَنْ يَكُونَ بَيْنَ يَدَيْ أَمْرٍ قَدْ حَضَرَ قَالَ أَنَسٌ فَجَعَلْتُ أَلْتَفِتُ يَمِينًا وَشِمَالًا فَإِذَا كُلُّ رَجُلٍ لَافٌّ رَأْسَهُ فِي ثَوْبِهِ يَبْكِي فَأَنْشَأَ رَجُلٌ مِنَ الْمَسْجِدِ كَانَ يُلَاحَى فَيُدْعَى لِغَيْرِ أَبِيهِ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ مَنْ أَبِي قَالَ أَبُوكَ حُذَافَةُ ثُمَّ أَنْشَأَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَالَ رَضِينَا بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا عَائِذًا بِاللَّهِ مِنْ سُوءِ الْفِتَنِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ قَطُّ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ إِنِّي صُوِّرَتْ لِي الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَرَأَيْتُهُمَا دُونَ هَذَا الْحَائِطِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ ح

4340: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ لوگوں نے نبی ﷺ سے سوال کئے یہانتک کہ انہوں نے حضورؐ سے کرید کرید کر سوال کئے۔ ایک روز آپؐ باہر تشریف لائے اور منبر پر چڑھے اور فرمایا مجھ سے پوچھو۔ تم مجھ سے جس چیز کے بارہ میں بھی سوال کرو گے میں اسے تمہارے لئے کھول کر بیان کروں گا۔ جب لوگوں نے یہ سنا تو وہ خاموش ہو گئے اور ڈر گئے کہ ضرور کوئی بات ہونے والی ہے۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں میں اپنے دائیں اور بائیں دیکھنے لگا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ہر آدمی اپنے کپڑے میں سر لپیٹے ہوئے رو رہا ہے۔ پھر ایک آدمی مسجد میں کھڑا ہوا جس سے جھگڑا کیا جاتا تھا اور اسے اس کے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب کیا جاتا تھا اور اس نے عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! میرا باپ کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا تیرا باپ حذافہ ہے۔ پھر حضرت عمرؓ کھڑے ہوئے اور عرض کیا ہم راضی ہیں اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمدؐ کے رسول ہونے پر۔ اور اللہ کی پناہ مانگتے ہوئے فتنوں کے شر سے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے آج کے دن کی طرح خیر اور شر کبھی نہیں دیکھا۔ میرے سامنے جنت

4340:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب توقیرہ وترک اکثار سؤالہ ﷺ 4337 ، 4338، 4339

تخریج : بخاری كتاب العلم باب من برک علی رکبتیه عند الامام او الحدیث 93 کتاب مواقیت الصلاة باب وقت الظهر عند الزوال 540 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب مایکره من کثرة السؤال 7294 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة المائدة 3056

و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ كِلَاهُمَا عَنْ هِشَامٍ ح و حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ [6123,6124]

اور آگ کا منظر دکھایا گیا۔ میں نے ان دونوں کو اس دیوار سے ورے دیکھا۔

4341{138}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَشْيَاءَ كَرِهَهَا فَلَمَّا أُكْثِرَ عَلَيْهِ غَضِبَ ثُمَّ قَالَ لِلنَّاسِ سَلُونِي عَمَّ شِئْتُمْ فَقَالَ رَجُلٌ مَنْ أَبِي قَالَ أَبُوكَ حُذَافَةُ فَقَامَ آخَرُ فَقَالَ مَنْ أَبِي يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ أَبُوكَ سَالِمٌ مَوْلَى شَيْبَةَ فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ مَا فِي وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ الْغَضَبِ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا نَتُوبُ إِلَى اللَّهِ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي كُرَيْبٍ قَالَ مَنْ أَبِي يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ أَبُوكَ سَالِمٌ مَوْلَى شَيْبَةَ [6125]

4341: حضرت ابوموسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ سے بعض چیزوں کے بارہ میں پوچھا گیا جنہیں آپؐ نے ناپسند فرمایا پھر جب بہت زیادہ آپؐ سے پوچھا گیا تو آپؐ ناراض ہوئے اور لوگوں سے فرمایا جو چاہو مجھ سے پوچھو۔ اس پر ایک آدمی نے کہا میرا باپ کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا تمہارا باپ حذافہ ہے۔ پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا اور اس نے (بھی یہی) کہا یا رسولؐ اللہ! میرا باپ کون ہے؟ حضورؐ نے فرمایا تیرا باپ شیبہ کا آزاد کردہ غلام سالم ہے۔ جب حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ پر جو ناراضگی تھی دیکھی تو عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہم اللہ کے حضور توبہ کرتے ہیں۔

4341:تخریج: بخاری کتاب العلم باب الغضب فی الموعظة والتعلیم 92

[38]38:بَاب: وُجُوبُ اِمْتِثَالِ مَا قَالَهُ شَرْعًا دُونَ مَا ذَكَرَهُ مِنْ مَعَايِشِ الدُّنْيَا عَلَى سَبِيلِ الرَّأْيِ

باب: جو حضور ﷺ نے شرعاً فرمایا اس کی اطاعت واجب ہے سوائے اس کے کہ دنیوی زندگی سے متعلق جو آپؐ نے اپنی رائے سے فرمایا ہو

4342{139}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّقَفِيُّ وَأَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ وَهَذَا حَدِيثُ قُتَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ مَرَرْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْمٍ عَلَى رُءُوسِ النَّخْلِ فَقَالَ مَا يَصْنَعُ هَؤُلَاءِ فَقَالُوا يُلَقِّحُونَهُ يَجْعَلُونَ الذَّكَرَ فِي الْأُنْثَى فَيَلْقَحُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَظُنُّ يُغْنِي ذَلِكَ شَيْئًا قَالَ فَأُخْبِرُوا بِذَلِكَ فَتَرَكُوهُ فَأُخْبِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ فَقَالَ إِنْ كَانَ يَنْفَعُهُمْ ذَلِكَ فَلْيَصْنَعُوهُ فَإِنِّي إِنَّمَا ظَنَنْتُ ظَنًّا فَلَا تُؤَاخِذُونِي بِالظَّنِّ وَلَكِنْ إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنِ اللَّهِ شَيْئًا فَخُذُوا بِهِ فَإِنِّي لَنْ أَكْذِبَ عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ [6126]

4342: موسیٰ بن طلحہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ بعض لوگوں کے پاس سے گزرا جو کھجور کے درختوں پر چڑھے ہوئے تھے۔ حضورؐ نے فرمایا یہ لوگ کیا کر رہے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ وہ اس کی (pollination) زرپاشی کر رہے ہیں اس کے نر کے زرِگل کو مادہ میں ڈالتے ہیں تو وہ بارآور ہو جاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرا خیال نہیں کہ یہ کچھ فائدہ دیتا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر اس بارہ میں لوگوں کو بتایا گیا تو انہوں نے اُسے چھوڑ دیا۔ رسول اللہ ﷺ کو اس بارہ میں جب بتایا گیا تو آپؐ نے فرمایا اگر یہ عمل انہیں فائدہ دیتا تھا تو انہیں چاہئے تھا کہ وہ اسے کرتے رہتے۔ میں نے تو ایک گمان کیا تھا پس اس گمان پر مجھے پکڑ نہ بیٹھو، ہاں اگر میں تمہیں اللہ کی طرف سے کچھ بتاؤں تو اسے قبول کرو کیونکہ میں اللہ عزوجل کی طرف سے کوئی غلط بات تو نہیں کہہ سکتا۔

4342: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب وجوب امتثال ما قاله شرعاً دون ما ذکر من معایش ... 4343، 4344

تخریج: ابن ماجه کتاب الاحکام باب تلقیح النخل 2470، 2471

4343{140}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الرُّومِيِّ الْيَمَامِيُّ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَعْقِرِيُّ قَالُوا حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا أَبُو النَّجَاشِيِّ حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ قَالَ قَدِمَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يَأْبُرُونَ النَّخْلَ يَقُولُونَ يُلَقِّحُونَ النَّخْلَ فَقَالَ مَا تَصْنَعُونَ قَالُوا كُنَّا نَصْنَعُهُ قَالَ لَعَلَّكُمْ لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا كَانَ خَيْرًا فَتَرَكُوهُ فَنَفَضَتْ أَوْ فَنَقَصَتْ قَالَ فَذَكَرُوا ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ إِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ دِينِكُمْ فَخُذُوا بِهِ وَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ رَأْيِي فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ قَالَ عِكْرِمَةُ أَوْ نَحْوَ هَذَا قَالَ الْمَعْقِرِيُّ فَنَفَضَتْ وَلَمْ يَشُكَّ[6127]

4343: حضرت رافع بن خدیجؓ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ مدینہ میں تشریف لائے اور لوگ کھجور کی pollination کر رہے تھے۔ جس کے لئے يُلَقِّحُونَ النَّخْلَ کے الفاظ استعمال کرتے ہیں ۔ حضورؐ نے فرمایا یہ تم کیا کر رہے ہو؟ انہوں نے کہا ہم اسی طرح کیا کرتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا شاید اگر تم ایسا نہ کرو تو بہتر ہو۔ چنانچہ انہوں نے اسے ترک کر دیا۔ پھر پھل جھڑ گیا یا کم ہوا۔ راوی کہتے ہیں پھر لوگوں نے حضورؐ سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا میں صرف ایک بشر ہوں۔ جب میں تمہارے دین کے متعلق کوئی حکم دوں تو اسے لے لو اور جب میں تمہیں اپنی رائے سے کچھ کہوں تو میں محض ایک بشر ہوں۔

ایک اور روایت میں (فَنَفَضَتْ اَوْ فَنَقَصَتْ کی بجائے) فَنَفَضَتْ کے الفاظ ہیں۔

4344{141}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ وَعَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ

4344: حضرت عائشہؓ اور حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کچھ لوگوں کے پاس سے گذرے جو pollination کر رہے تھے اس پر حضورؐ نے فرمایا اگر تم ایسا نہ کرو تو بھی ٹھیک ہے۔ حضرت انسؓ نے کہا پھر ردّی کھجور نکل آئی۔ پھر جب حضورؐ ان (لوگوں)

4343: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب وجوب امتثال ما قاله شرعاً دون ما ذكر من معايش الدنيا ... 4342، 4344

تخريج : ابن ماجه كتاب الاحكام باب تلقيح النخل 2470 ، 2471

4344: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب وجوب امتثال ما قاله شرعاً دون ما ذكر من معايش الدنيا ... 4342، 4343

تخريج : ابن ماجه كتاب الاحكام باب تلقيح النخل 2470 ، 2471

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقَوْمٍ يُلَقِّحُونَ فَقَالَ لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا لَصَلُحَ قَالَ فَخَرَجَ شِيصًا فَمَرَّ بِهِمْ فَقَالَ مَا لِنَخْلِكُمْ قَالُوا قُلْتَ كَذَا وَكَذَا قَالَ أَنْتُمْ أَعْلَمُ بِأَمْرِ دُنْيَاكُمْ [6128]

کے پاس سے گذرے تو آپؐ نے فرمایا تمہاری کھجور کے درختوں کا کیا بنا؟ انہوں نے کہا کہ آپؐ نے اس اس طرح فرمایا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا اپنی دنیا کے کام تم زیادہ جانتے ہو۔

[39]39: بَاب: فَضْلُ النَّظَرِ إِلَيْهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَمَنِّيهِ

باب: حضور ﷺ کے دیدار کی فضیلت اور اس کی تمنّا کرنا

4345{142} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ فِي يَدِهِ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أَحَدِكُمْ يَوْمٌ وَلَا يَرَانِي ثُمَّ لَأَنْ يَرَانِي أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ مَعَهُمْ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ الْمَعْنَى فِيهِ عِنْدِي لَأَنْ يَرَانِي مَعَهُمْ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَهُوَ عِنْدِي مُقَدَّمٌ وَمُؤَخَّرٌ [6129]

4345: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے تم میں سے اگر کسی پر ایسا دن بھی آئے گا کہ وہ مجھے دیکھ نہیں سکے گا اور پھر (اس وقت) اس کا مجھے دیکھنا اسے اس کے اہل و مال سے زیادہ محبوب ہوگا۔ ابو اسحاق کہتے ہیں میرے نزدیک اس کے معنی ہیں کہ اگر وہ مجھے اپنے ساتھ دیکھے تو اس کے اہل و مال سے زیادہ پسند نہ ہوگا میرے نزدیک اس میں تقدیم و تاخیر ہے۔

[40]40: بَاب: فَضَائِلُ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَام

باب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فضائل

4346{143} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ

4346: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں لوگوں

4346: اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسیٰ 4347، 4348

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3442 ، 3443 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین النبیاء 4675

شِهَابٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِابْنِ مَرْيَمَ الْأَنْبِيَاءُ أَوْلَادُ عَلَّاتٍ وَلَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ [6130]

میں سے ابن مریم کے سب سے زیادہ قریب ہوں۔ سب انبیاء آپس میں علّاتی بھائی ہیں اور میرے اور اس کے درمیان کوئی نبی نہیں۔

4347{144} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيسَى الْأَنْبِيَاءُ أَبْنَاءُ عَلَّاتٍ وَلَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَ عِيسَى نَبِيٌّ [6131]

4347: ہمام بن منبہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جوحضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں لوگوں میں سے عیسیٰ کے سب سے زیادہ قریب ہوں۔انبیاء علاتی بھائی ہیں اور میرے اور عیسیٰ کے درمیان کوئی نبی نہیں۔

4348{145} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ فِي الْأُولَى وَالْآخِرَةِ قَالُوا كَيْفَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ

4348: ہمام بن منبہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جوحضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ پہلی میں اور آخری میں بھی عیسیٰ ابن مریم کے قریب ہوں۔انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! کیسے؟ فرمایا انبیاء علاتی بھائی ہوتے ہیں

4347: اطراف : **مسلم** کتاب الفضائل باب فضائل عیسیٰ 4346 ، 4348

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3442 ، 3443 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین النبیاء 4675

4348: اطراف : **مسلم** کتاب الفضائل باب فضائل عیسیٰ 4346 ، 4347

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3442 ، 3443 **ابو داؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین النبیاء 4675

الْأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ مِنْ عَلَّاتٍ وَأُمَّهَاتُهُمْ شَتَّى وَدِينُهُمْ وَاحِدٌ فَلَيْسَ بَيْنَنَا نَبِيٌّ [6132]

اور اُن کی مائیں مختلف ہوتی ہیں اور اُن کا دین ایک ہی ہوتا ہے۔ پس ہمارے درمیان کوئی نبی نہیں۔

4349{146}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مَوْلُودٍ يُولَدُ إِلَّا نَخَسَهُ الشَّيْطَانُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ نَخْسَةِ الشَّيْطَانِ إِلَّا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ ثُمَّ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ اقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ جَمِيعًا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَا يَمَسُّهُ حِينَ يُولَدُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ مَسَّةِ الشَّيْطَانِ إِيَّاهُ وَفِي حَدِيثِ شُعَيْبٍ مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ[6133,6134]

4349: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی بچہ پیدا نہیں ہوتا مگر شیطان اس کو کچوکا لگاتا ہے تو شیطان کے کچوکے کی وجہ سے وہ چلانے لگتا ہے سوائے ابن مریم اور اس کی ماں کے۔ پھر حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا اگر تم چاہو تو یہ (آیت) پڑھو۔ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ترجمہ: میں اسے اور اس کی نسل کو شیطان سے جو راندۂ درگاہ ہے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ وہ (شیطان) اسے مس کرتا ہے اور شیطان کے مس کی وجہ سے چلانے لگتا ہے۔

ایک اور روایت میں (مِنْ مَسَّةِ الشَّيْطَانِ کی بجائے) مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ کے الفاظ ہیں۔

4350{147}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ أَبَا

4350: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنی آدم میں سے ہر

4349:اطراف :مسلم كتاب الفضائل باب فضائل عیسٰی 4350، 4351

تخریج :بخاری كتاب بدء الخلق باب صفة ابليس وجنوده 3286 كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ واذكر فى الكتاب مريم 3431 كتاب التفسير باب وانّى اعيذها بک وذريتها 4548

4350:اطراف : مسلم كتاب الفضائل باب فضائل عیسٰی 4349، 4351

تخریج :بخاری كتاب بدء الخلق باب صفة ابليس وجنوده 3286 كتاب احاديث الانبياء باب قول الله تعالىٰ واذكر فى الكتاب مريم 3431 كتاب التفسير باب وانّى اعيذها بک وذريتها 4548

يُونُسَ سُلَيْمًا مَوْلَى أَبِي هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ كُلُّ بَنِي آدَمَ يَمَسُّهُ الشَّيْطَانُ يَوْمَ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ إِلَّا مَرْيَمَ وَابْنَهَا[6135]

ایک جو جس دن اس کی ماں جنم دیتی ہے شیطان اسے مسّ کرتا ہے سوائے مریم اور اس کے بیٹے کے۔

4351{148}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِيَاحُ الْمَوْلُودِ حِينَ يَقَعُ نَزْغَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ[6136]

4351: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نومولود کا چلانا اس وقت ہوتا ہے جب شیطان کا کچوکہ لگتا ہے۔

4352{149}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَجُلًا يَسْرِقُ فَقَالَ لَهُ عِيسَى سَرَقْتَ قَالَ كَلَّا وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَقَالَ عِيسَى آمَنْتُ بِاللَّهِ وَكَذَّبْتُ نَفْسِي [6137]

4352: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عیسیٰؑ ابن مریم نے ایک آدمی کو چوری کرتے ہوئے دیکھا تو حضرت عیسیٰؑ نے اسے کہا کہ تو نے چوری کی ہے۔ اس نے کہا ہرگز نہیں، اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اس پر عیسیٰؑ نے کہا کہ میں اللہ پر ایمان لایا اور اپنے نفس کو جھٹلاتا ہوں۔

4351: اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسیٰ 4349، 4350

تخریج : بخاری کتاب بدء الخلق باب صفة ابلیس وجنوده 3286 کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3431 کتاب التفسیر باب وانّی اعیذھا بک وذریتھا 4548 ...

4352: تخریج :بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 444 **نسائی** کتاب آداب القضاۃ کیف یستحلف الحاکم؟ 5427 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب من حُلف له باللّٰه فلیرض 2102

[41]41:بَاب مِنْ فَضَائِلِ إِبْرَاهِيمَ الْخَلِيلِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کے کچھ فضائل کا بیان

4353{150}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ الْمُخْتَارِ ح و حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ أَخْبَرَنَا الْمُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَام و حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ مُخْتَارَ بْنَ فُلْفُلٍ مَوْلَى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِمِثْلِهِ و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْمُخْتَارِ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ[6138,6139,6140]

4353: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ (یعنی اے مخلوق میں سے سب سے بہترین) اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ ابراہیم علیہ السلام تھے۔

4354{151}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيَّ

4354: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حضرت ابراہیم نبی علیہ السلام

4353:تخریج : ترمذی کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة لم یکن 3352 ابو داؤد کتاب السنة باب فی التخییر من الانبیاء 4672

4354 :تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واتخذوا اللہ ابراھیم خلیلاً 3356 کتاب الاستئذان باب الختان بعد الکبر ونتف الابط 6298

عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَتَنَ إِبْرَاهِيمُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَام وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِينَ سَنَةً بِالْقَدُومِ[6141]

جب اسّی سال کے تھے تب ان کا قدوم (مقام) میں ختنہ ہوا۔

4355{152} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحْنُ أَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ إِبْرَاهِيمَ إِذْ قَالَ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَى قَالَ أَوَ لَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلَى وَلَكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي وَيَرْحَمُ اللَّهُ لُوطًا لَقَدْ كَانَ يَأْوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ وَلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ طُولَ لَبْثِ يُوسُفَ لَأَجَبْتُ الدَّاعِيَ و حَدَّثَنَاه إِنْ شَاءَ اللَّهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ وَأَبَا عُبَيْدٍ أَخْبَرَاهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ[6142,6143]

4355: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہم حضرت ابراہیمؑ کی نسبت شک کے زیادہ حق دار ہیں جب انہوں نے کہا اے میرے رب! مجھے دکھا کہ تو مردوں کو کیسے زندہ کرتا ہے۔ اللہ نے فرمایا کیا تو ایمان نہیں لا چکا؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں مگر اس لئے (پوچھا ہے) کہ میرا دل مطمئن ہو جائے۔ اللہ رحم فرمائے لوطؑ پر وہ ایک مضبوط سہارے کی طرف پناہ لیا کرتے تھے اور اگر میں یوسفؑ جتنا عرصہ قید میں رہتا تو ضرور بلانے والے کا بلاوا قبول کر لیتا۔

4355:اطراف : مسلم کتاب الایمان باب زیادة طمانیة القلب بتظاهر الادلة 208 کتاب الفضائل باب من فضائل ابراهیم الخلیل ﷺ 4356

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله عزّوجلّ ونبئهم عن ضیف ابراهیم 3372 باب ولوطاً اذقال لقوله 3375 باب قول الله تعالیٰ کان فی یوسف واخوته 3387 کتاب التفسیر باب قوله فلماّ جآء ہ الرسول قال ارجع الی ربک 4694 کتاب التعبیر باب رؤیا اهل السجون والفساد والشرک 6992 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة یوسف 3116 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب الصبر علی البلاء 4026

4356{153} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَغْفِرُ اللَّهُ لِلُوطٍ إِنَّهُ أَوَى إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ[6144]

4356: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ حضرت لوطؑ کی مغفرت فرمائے۔ انہوں نے ایک مضبوط سہارے کی طرف پناہ لی۔

4357{154}و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ يَكْذِبْ إِبْرَاهِيمُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَام قَطُّ إِلَّا ثَلَاثَ كَذَبَاتٍ ثِنْتَيْنِ فِي ذَاتِ اللَّهِ قَوْلُهُ إِنِّي سَقِيمٌ وَقَوْلُهُ بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَذَا وَوَاحِدَةٌ فِي شَأْنِ سَارَةَ فَإِنَّهُ قَدِمَ أَرْضَ جَبَّارٍ وَمَعَهُ سَارَةُ وَكَانَتْ أَحْسَنَ النَّاسِ فَقَالَ لَهَا إِنَّ هَذَا الْجَبَّارَ إِنْ يَعْلَمْ أَنَّكِ امْرَأَتِي يَغْلِبْنِي عَلَيْكِ فَإِنْ سَأَلَكِ فَأَخْبِرِيهِ أَنَّكِ أُخْتِي فَإِنَّكِ أُخْتِي

4357: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابراہیمؑ نے سوائے تین جھوٹوں کے کوئی جھوٹ نہیں بولا۔جن میں سے دوتو اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارہ میں تھے۔ان کا کہنا إِنِّي سَقِيمٌ میں بیمار ہوں اوران کا بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَـذَا یعنی ان کے بڑے نے یہ کام کیا ہےاورایک دفعہ سارہ کے بارہ میں جب آپ ایک بہت جابر (بادشاہ) کی سلطنت میں گئے اور آپ کے ساتھ سارہ بھی تھیں وہ لوگوں میں سےسب سے زیادہ خوش شکل تھیں تو انہوں نے ان سے کہا کہ اس جبار کو اگر پتہ لگ گیا کہ تم میری بیوی ہوتو وہ تیرے لئے مجھ پر غالب آ جائیگا۔پس اگر وہ تجھ سے پوچھے تو اسے

4356:اطراف :مسلم کتاب الایمان باب زیادة طمانیة القلب بتظاهر الادلة 208کتاب الفضائل باب من فضائل ابراهیم الخلیل ﷺ 4355

تخریج :بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله عزّوجلّ ونبئهم عن ضیف ابراهیم 3372 باب ولوطاً اذقال لقوله 3375 باب قول الله تعالیٰ کان فی یوسف واخوته 3387کتاب التفسیر باب قوله فلماّ جآء ه الرسول قال ارجع الی ربک 4694 کتاب التعبیر باب رؤیا اهل السجون والفساد والشرک 6992 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة یوسف 3116**ابن ماجه** کتاب الفتن باب الصبر علی البلاء 4026

4357:تخریج :بخاری کتاب البیوع باب شراء المملوک من الحربی 2217 کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ واتخذالله ابراهیم خلیلاً 3358 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الانبیاء 3166 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب فی الرجل یقول لامراته :یاأُختی 2212

فِي الْإِسْلَامِ فَإِنِّي لَا أَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ مُسْلِمًا غَيْرِي وَغَيْرَكِ فَلَمَّا دَخَلَ أَرْضَهُ رَآهَا بَعْضُ أَهْلِ الْجَبَّارِ أَتَاهُ فَقَالَ لَهُ لَقَدْ قَدِمَ أَرْضَكَ امْرَأَةٌ لَا يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تَكُونَ إِلَّا لَكَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا فَأُتِيَ بِهَا فَقَامَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَام إِلَى الصَّلَاةِ فَلَمَّا دَخَلَتْ عَلَيْهِ لَمْ يَتَمَالَكْ أَنْ بَسَطَ يَدَهُ إِلَيْهَا فَقُبِضَتْ يَدُهُ قَبْضَةً شَدِيدَةً فَقَالَ لَهَا ادْعِي اللَّهَ أَنْ يُطْلِقَ يَدِي وَلَا أَضُرُّكِ فَفَعَلَتْ فَعَادَ فَقُبِضَتْ أَشَدَّ مِنَ الْقَبْضَةِ الْأُولَى فَقَالَ لَهَا مِثْلَ ذَلِكَ فَفَعَلَتْ فَعَادَ فَقُبِضَتْ أَشَدَّ مِنَ الْقَبْضَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ فَقَالَ ادْعِي اللَّهَ أَنْ يُطْلِقَ يَدِي فَلَكِ اللَّهَ أَنْ لَا أَضُرَّكِ فَفَعَلَتْ وَأُطْلِقَتْ يَدُهُ وَدَعَا الَّذِي جَاءَ بِهَا فَقَالَ لَهُ إِنَّكَ إِنَّمَا أَتَيْتَنِي بِشَيْطَانٍ وَلَمْ تَأْتِنِي بِإِنْسَانٍ فَأَخْرِجْهَا مِنْ أَرْضِي وَأَعْطِهَا هَاجَرَ قَالَ فَأَقْبَلَتْ تَمْشِي فَلَمَّا رَآهَا إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَام انْصَرَفَ فَقَالَ لَهَا مَهْيَمْ قَالَتْ خَيْرًا كَفَّ اللَّهُ يَدَ الْفَاجِرِ وَأَخْدَمَ خَادِمًا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَتِلْكَ أُمُّكُمْ يَا بَنِي مَاءِ السَّمَاءِ[6145]

کہہ دینا کہ تو میری بہن ہے کیونکہ تو اسلام میں میری بہن ہے اور میں اپنے اور تیرے علاوہ اس ملک میں کسی مسلمان کو نہیں جانتا۔ پس جب آپؑ اس کی مملکت میں داخل ہوئے تو اس جابر کے کسی رشتہ دار نے حضرت سارہ کو دیکھ لیا اور وہ اس (بادشاہ) کے پاس گیا اور کہا کہ تیرے ملک میں ایک ایسی عورت آئی ہے جو صرف تیرے لئے ہی مناسب ہے۔ پس اس (بادشاہ) نے ان (حضرت سارہ) کو بلا بھیجا۔ چنانچہ انہیں لایا گیا اور حضرت ابراہیمؑ نماز کے لئے کھڑے ہو گئے۔ جب آپ اس کے پاس اندر گئیں تو وہ اپنا ہاتھ اُن (حضرت سارہ) کی طرف بڑھانے سے نہ رہ سکا۔ مگر اس کا ہاتھ نہایت شدت سے جکڑا گیا۔ اس پر اس نے کہا کہ اللہ سے دعا کرو کہ وہ میرا ہاتھ کھول دے پھر میں تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچاؤں گا۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا لیکن اس نے پھر وہی حرکت کی اور اس کا ہاتھ پہلے سے زیادہ شدت سے پکڑا گیا۔ اس نے ان سے پھر وہی کہا۔ آپ (سارہ) نے ویسا ہی کیا لیکن اس نے پھر وہی حرکت کی۔ مگر اس کا ہاتھ پہلی دو مرتبہ سے زیادہ شدت سے پکڑا گیا۔ اس پر اس نے کہا تو دعا کر اللہ سے کہ وہ میرا ہاتھ کھول دے، میں اللہ کو گواہ ٹھہراتا ہوں کہ تجھے کوئی تکلیف نہ دوں گا۔ چنانچہ انہوں (حضرت سارہ) نے ایسا ہی کیا اور اس کا ہاتھ کھول دیا گیا پھر اس نے

کا ہاتھ کھول دیا گیا پھر اس نے اس شخص کو بلایا جو انہیں لے کر آیا تھا اور اس شخص سے کہا کہ تو تو میرے پاس کسی شیطان کو لے آیا ہے کسی انسان کو نہیں لایا۔ پس اسے میری مملکت سے نکال دو اور اسے ہاجرہ دے دو۔ (راوی کہتے ہیں) وہ چلتی ہوئی آئیں جب حضرت ابراہیمؑ نے ان کو (نماز سے فارغ ہوکر) دیکھا تو ان کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے پوچھا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ سارہ نے کہا ٹھیک ہے اللہ نے اس بدکار کے ہاتھ کو مجھ سے روکے رکھا بلکہ ایک خادمہ بھی دلوائی۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا کہ کہ اے ماء السماء کے بیٹو! یہ تمہاری ماں ہے۔☆

[42]42: بَاب: مِنْ فَضَائِلِ مُوسَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے فضائل

4358{155} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ

4358: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی

☆ ایک خیال یہ ہے کہ ابتدائی الفاظ حدیث کے بعد یہ تفصیلی تشریح راوی کی طرف سے ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ ''اصل بات یہی ہے کہ کسی حدیث میں جھوٹ بولنے کی ہرگز اجازت نہیں بلکہ حدیث میں تو یہ لفظ ہیں کہ اِنْ قُتِلْتَ وَاُحْرِقْتَ یعنی سچ کو مت چھوڑ اگرچہ تو قتل کیا جائے اور جلایا جائے۔ پھر جس حالت میں قرآن کہتا ہے کہ تم انصاف اور سچ مت چھوڑو اگرچہ تمہاری جانیں بھی اس سے ضائع ہوں اور حدیث کہتی ہے کہ اگرچہ تم جلائے جاؤ اور قتل کئے جاؤ۔ مگر سچ ہی بولو تو پھر فرض کے طور پر کوئی حدیث قرآن اور احادیثِ صحیحہ کی مخالف ہوتو وہ قابلِ سماعت نہیں ہوگی۔'' (نور القرآن نمبر 2 روحانی خزائن جلد 9 صفحہ 404)

4358: اطراف: مسلم کتاب الحیض باب جواز الاغتسال عریاناً فی ... 499 کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ ﷺ 4359

تخریج: بخاری کتاب الغسل باب من اغتسل عریانا وحدہ 278 ترمذی کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ الاحزاب 3221

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ يَغْتَسِلُونَ عُرَاةً يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلَى سَوْأَةِ بَعْضٍ وَكَانَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام يَغْتَسِلُ وَحْدَهُ فَقَالُوا وَاللَّهِ مَا يَمْنَعُ مُوسَى أَنْ يَغْتَسِلَ مَعَنَا إِلَّا أَنَّهُ آدَرُ قَالَ فَذَهَبَ مَرَّةً يَغْتَسِلُ فَوَضَعَ ثَوْبَهُ عَلَى حَجَرٍ فَفَرَّ الْحَجَرُ بِثَوْبِهِ قَالَ فَجَمَحَ مُوسَى بِأَثَرِهِ يَقُولُ ثَوْبِي حَجَرُ ثَوْبِي حَجَرُ حَتَّى نَظَرَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ إِلَى سَوْأَةِ مُوسَى فَقَالُوا وَاللَّهِ مَا بِمُوسَى مِنْ بَأْسٍ فَقَامَ الْحَجَرُ بَعْدُ حَتَّى نُظِرَ إِلَيْهِ قَالَ فَأَخَذَ ثَوْبَهُ فَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ وَاللَّهِ إِنَّهُ بِالْحَجَرِ نَدَبٌ سِتَّةٌ أَوْ سَبْعَةٌ ضَرْبُ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام بِالْحَجَرِ [6146]

احادیث بیان کیں۔جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل ننگے نہایا کرتے تھے اور وہ ایک دوسرے کے ننگ کو دیکھ رہے ہوتے تھے جبکہ حضرت موسیٰؑ علیحدہ ہوکر نہایا کرتے تھے۔ اس پر انہوں نے کہا کہ اللہ کی قسم موسیٰؑ کو ہمارے ساتھ نہانے سے اس کے سوا اور کوئی چیز نہیں روکتی کہ انہیں فتق کی بیماری ہے۔ ایک دفعہ حضرت موسیٰؑ نہانے کے لئے گئے اور اپنا کپڑا حجر پر رکھا اور حجر آپ کا کپڑا لے کر بھاگ گیا تو حضرت موسیٰؑ اس کے پیچھے یہ کہتے ہوئے دوڑے حجر میرا کپڑا، حجر میرا کپڑا یہانتک کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰؑ کو دیکھ لیا اور انہوں نے کہا کہ اللہ کی قسم موسیٰؑ کو تو کوئی بیماری نہیں ہے۔ پھر حجر کھڑا ہو گیا یہانتک کہ انہیں دیکھ لیا گیا۔ وہ کہتے ہیں پھر حضرت موسیٰؑ نے اپنا کپڑا لیا اور حجر کو مارنے لگے۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا اللہ کی قسم اس حجر پر موسیٰؑ کی مار کے چھ یا سات نشان ہیں۔

4359{156} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ أَنْبَأَنَا

4359: عبد اللہ بن شقیق سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں بتایا کہ حضرت موسیٰ بڑے حیادار تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہ کبھی عریاں نہیں

☆ حجر کے لفظی معنے تو پتھر کے ہیں ہوسکتا ہے کہ حجر کسی شخص کا نام ہو واللہ اعلم۔ آخری فقرہ کہ حجر پر حضرت موسیٰؑ کے مارنے کے نشان ہیں حدیث کا حصہ نہیں ہے۔ اس سے اگلی روایت میں یہ واقعہ حضرت ابو ہریرہؓ کی طرف منسوب ہے حضور ﷺ کی حدیث کے طور پر نہیں ہے۔

4359: اطراف: مسلم کتاب الحیض باب جواز الاغتسال عریاناً فی الخلوۃ 499 کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ 4358
تخریج: بخاری کتاب الغسل باب من اغتسل عریانا وحدہ 278 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ الاحزاب 3221

أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام رَجُلًا حَيِيًّا قَالَ فَكَانَ لَا يُرَى مُتَجَرِّدًا قَالَ فَقَالَ بَنُو إِسْرَائِيلَ إِنَّهُ آدَرُ قَالَ فَاغْتَسَلَ عِنْدَ مُوَيْهٍ فَوَضَعَ ثَوْبَهُ عَلَى حَجَرٍ فَانْطَلَقَ الْحَجَرُ يَسْعَى وَاتَّبَعَهُ بِعَصَاهُ يَضْرِبُهُ ثَوْبِي حَجَرُ ثَوْبِي حَجَرُ حَتَّى وَقَفَ عَلَى مَلَإٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَنَزَلَتْ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ اللَّهِ وَجِيهًا [6147]

دیکھے گئے۔حضرت ابو ہریرہؓ کہتے کہ بنی اسرائیل نے کہا کہ وہ فتق سے بیمار ہیں۔راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے چھوٹے چشمہ سے غسل کیا اور حجر پر اپنے کپڑے رکھے اور حجر دوڑنے لگا اور حضرت موسیٰؑ نے اپنے سوٹے کے ساتھ اسے مارتے ہوئے اس کا پیچھا کیا اے حجر میرا کپڑا، حجر میرا کپڑا یہانتک کہ حجر بنی اسرائیل کے ایک گروہ کے پاس آ کھڑا ہوا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ اللَّهِ وَجِيهًا یعنی اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسیٰؑ کو تکلیف دی پھر اللہ نے اسے اس سے بری کر دیا جو انہوں نے کہا اور وہ اللہ کے نزدیک بڑی وجاہت والا تھا۔☆

4360{157} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام فَلَمَّا جَاءَهُ صَكَّهُ فَفَقَأَ عَيْنَهُ فَرَجَعَ إِلَى رَبِّهِ فَقَالَ أَرْسَلْتَنِي إِلَى عَبْدٍ لَا يُرِيدُ

4360: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ موت کا فرشتہ حضرت موسیٰؑ کی طرف بھیجا گیا۔ جب وہ (فرشتہ) حضرت موسیٰؑ کے پاس آیا تو حضرت موسیٰؑ نے اسے (ایک طمانچہ) مارا اور اس (فرشتہ) کی آنکھ پھوڑ دی۔ چنانچہ وہ (فرشتہ) اپنے رب کی طرف گیا اور عرض کیا کہ تو نے مجھے ایک ایسے بندہ کی طرف بھیجا جو مرنا نہیں چاہتا۔حضرت ابو ہریرہؓ کہتے

☆(سورۃ الاحزاب:70)

4360: اطراف : **مسلم** کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ 4361

تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب من احبّ الدفن فی الارض المقدسة 1339 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ و ذکره بعد 3407 **نسائی** کتاب الجنائز نوع آخر 2089

الْمَوْتَ قَالَ فَرَدَّ اللَّهُ إِلَيْهِ عَيْنَهُ وَقَالَ ارْجِعْ إِلَيْهِ فَقُلْ لَهُ يَضَعُ يَدَهُ عَلَى مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَهُ بِمَا غَطَّتْ يَدُهُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ قَالَ أَيْ رَبِّ ثُمَّ مَهْ قَالَ ثُمَّ الْمَوْتُ قَالَ فَالْآنَ فَسَأَلَ اللَّهَ أَنْ يُدْنِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَوْ كُنْتُ ثَمَّ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلَى جَانِبِ الطَّرِيقِ تَحْتَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ [6148]

ہیں پھر اللہ نے اسے اس کی آنکھ لوٹا دی اور فرمایا اس کی طرف واپس جاؤ اور اس سے کہو کہ وہ اپنے ہاتھ کو بیل کی پیٹھ پر رکھے تو جتنے بال اس کے ہاتھ کے نیچے آئیں گے تو ہر بال کے بدلے اسے ایک سال (کی عمر) ملے گی۔ حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا اے میرے رب پھر کیا ہوگا؟ اللہ نے فرمایا پھر موت ہے۔ حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا (موت ہی ہے تو) ابھی سہی۔ پھر موسیٰؑ نے اللہ سے التجاء کی کہ وہ انہیں ارض مقدسہ سے اتنا قریب کر دے جتنی دور پھینکنے پر ایک پتھر گرتا ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں وہاں ہوتا تو تمہیں ضرور ایک رستہ کے پہلو میں سرخ ٹیلے کے نیچے ان کی قبر دکھا دیتا۔

4361{158} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام فَقَالَ لَهُ أَجِبْ رَبَّكَ قَالَ فَلَطَمَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام عَيْنَ مَلَكِ الْمَوْتِ فَفَقَأَهَا قَالَ فَرَجَعَ الْمَلَكُ إِلَى اللَّهِ تَعَالَى

4361: ہمام بن منبہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ موت کا فرشتہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ اپنے رب کے بلاوے کو قبول کرو۔ انہوں نے کہا کہ حضرت موسیٰؑ نے موت کے فرشتہ کی آنکھ پر تھپڑ مارا اور اسے پھوڑ دیا۔ انہوں نے فرمایا پھر فرشتہ اللہ تعالیٰ

4361: اطراف : **مسلم** کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ 4360

تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب من احبّ الدفن فی الارض المقدسة 1339 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ و ذکرہ بعد 3407 **نسائی** کتاب الجنائز نوع آخر 2089

فَقَالَ إِنَّكَ أَرْسَلْتَنِي إِلَى عَبْدٍ لَكَ لَا يُرِيدُ الْمَوْتَ وَقَدْ فَقَأَ عَيْنِي قَالَ فَرَدَّ اللَّهُ إِلَيْهِ عَيْنَهُ وَقَالَ ارْجِعْ إِلَى عَبْدِي فَقُلِ الْحَيَاةَ تُرِيدُ فَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْحَيَاةَ فَضَعْ يَدَكَ عَلَى مَتْنِ ثَوْرٍ فَمَا تَوَارَتْ يَدُكَ مِنْ شَعْرَةٍ فَإِنَّكَ تَعِيشُ بِهَا سَنَةً قَالَ ثُمَّ مَهْ قَالَ ثُمَّ تَمُوتُ قَالَ فَالْآنَ مِنْ قَرِيبٍ رَبِّ أَمِتْنِي مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهِ لَوْ أَنِّي عِنْدَهُ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلَى جَانِبِ الطَّرِيقِ عِنْدَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ بِمِثْلِ هَذَا الْحَدِيثِ[6149]

کی طرف لوٹ گیا اور عرض کیا کہ تو نے مجھے ایسے بندہ کی طرف بھیجا جو مرنا نہیں چاہتا اور اس نے میری آنکھ بھی پھوڑ ڈالی ہے۔انہوں نے کہا کہ پھر اللہ نے اسے اس کی آنکھ لوٹا دی اور فرمایا کہ جاؤ میرے بندہ کے پاس اور کہو کہ تم زندگی چاہتے ہو؟ پس اگر تم زندگی چاہتے ہو تو اپنا ہاتھ بیل کی پیٹھ پر رکھو۔ پس تمہارے ہاتھ نے جتنے بال ڈھانپ لئے ، ہر بال کے مطابق تم ایک سال زندہ رہو گے۔انہوں نے کہا پھر کیا ہوگا ؟ اس نے کہا پھر تم مر جاؤ گے۔انہوں نے کہا تو پھر ابھی سہی۔اے میرے رب! تو مجھے ارض مقدسہ سے ٹپے بھر فاصلہ پر وفات دے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں اس (ارض مقدسہ) کے پاس ہوتا تو ضرور ایک راستہ کے پہلو میں سرخ ٹیلے کے قریب تمہیں اُن کی قبر دکھا دیتا۔

4362{159}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْفَضْلِ الْهَاشِمِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

4362: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک یہودی اپنا کچھ سامان بیچ رہا تھا۔اسے اس (سامان) کی کوئی قیمت دی گئی تو اس نے اسے ناپسند کیا یا اس (قیمت) پر راضی نہ ہوا ۔عبدالعزیز نے اس میں

4362:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ ﷺ 4363 ، 4364 باب فی ذکر یونس وقول النبی ﷺ لا ینبغی لعبدٍ 4367

تخریج : بخاری کتاب الخصومات باب ما یذکر فی الاشخاص والخصومة 2411 ، 2412 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ وذکرہ بعد 3408 باب قول اللہ تعالیٰ وانّ یونس لمن المرسلین 3412 ، 3413 ، 3414 ، 3415 ، 3416 کتاب التعبیر باب قولہ انا اوحینا الیک 4604 باب قولہ ویونس ولوطاً وکلاً 4630 ، 4631 باب ونفخ فی الصور فصعق من فی السماء 4813 کتاب الرقاق باب نفخ الصور 6517 ، 6518 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء 7472 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الزمر 3245 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین الانبیاء 4668 ، 4669 ، 4670 ، 4671

الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَمَا يَهُودِيٌّ يَعْرِضُ سِلْعَةً لَهُ أُعْطِيَ بِهَا شَيْئًا كَرِهَهُ أَوْ لَمْ يَرْضَهُ شَكَّ عَبْدُ الْعَزِيزِ قَالَ لَا وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام عَلَى الْبَشَرِ قَالَ فَسَمِعَهُ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَلَطَمَ وَجْهَهُ قَالَ تَقُولُ وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام عَلَى الْبَشَرِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا قَالَ فَذَهَبَ الْيَهُودِيُّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ إِنَّ لِي ذِمَّةً وَعَهْدًا وَقَالَ فُلَانٌ لَطَمَ وَجْهِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ لَطَمْتَ وَجْهَهُ قَالَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام عَلَى الْبَشَرِ وَأَنْتَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا قَالَ فَغَضِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى عُرِفَ الْغَضَبُ فِي وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ لَا تُفَضِّلُوا بَيْنَ أَنْبِيَاءِ اللَّهِ فَإِنَّهُ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَيَصْعَقُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ قَالَ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ أُخْرَى فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ بُعِثَ أَوْ فِي أَوَّلِ مَنْ بُعِثَ فَإِذَا مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام آخِذٌ بِالْعَرْشِ فَلَا أَدْرِي أَحُوسِبَ بِصَعْقَتِهِ يَوْمَ

شک کیا ہے۔اس (یہودی) نے کہا نہیں، اس کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو سب انسانوں پر فضیلت دی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انصارؓ میں سے کسی آدمی نے اسے (یہ کہتے) سن لیا اور اس (یہودی) کے چہرہ پر طمانچہ مارا۔ اس (انصاری) نے کہا کہ تو کہتا ہے کہ اس کی قسم جس نے موسیٰؑ کو سب انسانوں پر فضیلت دی ہے جبکہ رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان موجود ہیں۔ راوی کہتے ہیں وہ یہودی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا اے ابو القاسم! میرے لئے (آپؐ کی) ذمہ داری اور عہد ہے اور کہا کہ فلاں نے میرے چہرے پر طمانچہ مارا ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے (اس انصاری سے) پوچھا کہ تم نے کیوں اس کے چہرہ پر طمانچہ مارا؟ راوی کہتے ہیں کہ اس نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اس نے کہا تھا کہ اس کی قسم جس نے موسیٰؑ کو سب انسانوں پر فضیلت دی جبکہ آپؐ ہمارے درمیان موجود ہیں (راوی کہتے ہیں) اس پر رسول اللہ ﷺ ناراض ہوئے یہاں تک کہ ناراضگی آپؐ کے چہرہ سے ظاہر ہونے لگی۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ اللہ کے انبیاء کے درمیان فضیلت نہ دو کیونکہ یقیناً جب صور پھونکا جائے گا سوائے اس کے جسے اللہ چاہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے غش کھا جائے گا۔ آپؐ نے فرمایا پھر دوسری مرتبہ اس میں (صور) پھونکا جائے گا تو سب سے پہلا شخص میں

الطُّورِ أَوْ بُعِثَ قَبْلِي وَلَا أَقُولُ إِنَّ أَحَدًا أَفْضَلُ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى عَلَيْهِ السَّلَام و حَدَّثَنِيه مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ سَوَاءً[6151,6152]

ہوں گا جو اٹھایا جاؤں گا یا سب سے پہلے جنہیں اٹھایا جائے گا ان میں میں ہوں گا تو کیا دیکھوں گا کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کو پکڑے ہوئے ہیں میں نہیں جانتا کہ آیا طور والے دن ان کی غشی شمار کر لی گئی یا انہیں مجھ سے پہلے اٹھایا گیا اور نہ میں یہ کہتا ہوں کہ کوئی یونس بن متّٰی علیہ السلام سے زیادہ صاحبِ فضیلت ہے۔☆

4363{160}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ اسْتَبَّ رَجُلَانِ رَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ وَرَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ الْمُسْلِمُ وَالَّذِي اصْطَفَى مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْعَالَمِينَ وَقَالَ الْيَهُودِيُّ وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَيْهِ

4363: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ یہود اور مسلمانوں میں سے دو آدمیوں نے ایک دوسرے کو بُرا بھلا کہا۔ مسلمان نے کہا اس کی قسم جس نے محمد ﷺ کو سب جہانوں پر فضیلت دی ہے۔ یہودی نے کہا اس کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو سب جہانوں پر فضیلت دی ہے۔ راوی کہتے ہیں اس پر مسلمان نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور اس یہودی کے چہرہ پر طمانچہ مارا۔ تب وہ یہودی رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا اور اپنے اور اس مسلمان کے معاملہ کے بارہ میں بتایا۔ اس پر

☆ :رسول اکرم ﷺ کی فضیلت تو قرآن مجید اور احادیث نبوی کی رو سے مسلّم بات ہے یہاں غالبًا یہ مدنظر ہے کہ اس بات کو باہمی جھگڑے کا ذریعہ نہ بناؤ۔

4363: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ ﷺ 4362، 4364 باب فی ذکر یونس وقول النبی ﷺ لا ینبغی لعبدٍ 4367

تخریج : بخاری کتاب الخصومات باب ما یذکر فی الاشخاص والخصومة 2411، 2412 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ وذکره بعد 3408 باب قول الله تعالیٰ وانّ یونس لمن المرسلین 3412، 3413، 3414، 3415، 3416 کتاب التعبیر باب قوله انا اوحینا الیک 4604 باب قوله ویونس ولوطاً وکلاً 4630، 4631 باب ونفخ فی الصور فصعق من فی السماء 4813 کتاب الرقاق باب نفخ الصور 6517، 6518 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء 7472 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الزمر 3245 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین الانبیاء 4668، 4669، 4670، 4671

السَّلَام عَلَى الْعَالَمِينَ قَالَ فَرَفَعَ الْمُسْلِمُ يَدَهُ عِنْدَ ذَلِكَ فَلَطَمَ وَجْهَ الْيَهُودِيِّ فَذَهَبَ الْيَهُودِيُّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِمَا كَانَ مِنْ أَمْرِهِ وَأَمْرِ الْمُسْلِمِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُخَيِّرُونِي عَلَى مُوسَى فَإِنَّ النَّاسَ يَصْعَقُونَ فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ يُفِيقُ فَإِذَا مُوسَى بَاطِشٌ بِجَانِبِ الْعَرْشِ فَلَا أَدْرِي أَكَانَ فِيمَنْ صَعِقَ فَأَفَاقَ قَبْلِي أَمْ كَانَ مِمَّنْ اسْتَثْنَى اللَّهُ و{161} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ قَالَا أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنْ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ اسْتَبَّ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَرَجُلٌ مِنَ الْيَهُودِ بِمِثْلِ حَدِيثِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ {162} وحَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَاءَ يَهُودِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ لُطِمَ وَجْهُهُ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَلَا أَدْرِي أَكَانَ مِمَّنْ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے موسیٰؑ پر فضیلت مت دو کیونکہ یقیناً لوگ بے ہوش ہو جائیں گے سب سے پہلے میں ہوش میں آؤں گا۔ تب میں کیا دیکھوں گا کہ موسیٰؑ کو عرش کو ایک طرف سے پکڑے ہوئے ہوں گے مجھے نہیں پتہ آیا وہ غش کھا جانے والوں میں سے تھے اور مجھ سے قبل ہوش میں آ گئے یا وہ ان میں سے تھے جن کی اللہ نے استثناء کی ہے۔

ایک روایت میں (رَجُلَانِ کے بجائے) رَجُلٌ کے الفاظ ہیں اور ایک روایت میں (أَمْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللَّهُ کی بجائے) أَوْ اكْتَفَى بِصَعْقَةِ الطُّورِ کے الفاظ ہیں۔

صَعِقَ فَأَفَاقَ قَبْلِي أَوْ اكْتَفَى بِصَعْقَةِ الطُّورِ[6153,6154,6155]

4364{163}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُخَيِّرُوا بَيْنَ الْأَنْبِيَاءِ وَفِي حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى حَدَّثَنِي أَبِي [6156]

4364: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ انبیاء کے درمیان فضیلت (کا مقابلہ) نہ کیا کرو۔

4365{164}حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ وَشَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ وَسُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَتَيْتُ وَفِي رِوَايَةِ هَدَّابٍ مَرَرْتُ عَلَى مُوسَى لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي عِنْدَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي قَبْرِهِ[6157]

4365: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں آیا اور ایک روایت میں ہے جس رات مجھے اسراء کرایا گیا اور میں سرخ ٹیلے کے قریب موسیٰؑ کے پاس سے گزرا اور وہ (موسیٰؑ) اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے☆۔

4364: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ ﷺ 4362، 4363 باب فی ذکر یونس وقول النبی ﷺ لا ینبغی لعبدٍ 4367

تخریج : بخاری کتاب الخصومات باب ما یذکر فی الاشخاص والخصومة 2411 ، 2412 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ وذکرہ بعد 3408 باب قول اللہ تعالیٰ وانّ یونس لمن المرسلین 3412 ، 3413 ، 3414 ، 3415 ، 3416 کتاب التعبیر باب قولہ انا اوحینا الیک 4604 باب قولہ ویونس ولوطاً وکلًّا 4630 ، 4631 باب ونفخ فی الصور فصعق من فی السماء 4813 کتاب الرقاق باب نفخ الصور 6517 ، 6518 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء 7472 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ الزمر 3245 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین الانبیاء 4668 ، 4669 ، 4670 ، 4671

☆ ظاہر ہے یہ نظارے مادی طور پر نظارے نہیں تھے بلکہ روحانی اور کشفی نظارے تھے۔

4365: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ 4366

تخریج : نسائی کتاب قیام اللیل وتطوع النھار ذکر صلاۃ نبی اللہ موسیٰ 1631، 1632، 1633، 1634، 1635، 1636، 1637

4366{165} و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا عِيسَى يَعْنِي ابْنَ يُونُسَ ح و حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ كِلَاهُمَا عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَنَسٍ ح و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ عَلَى مُوسَى وَهُوَ يُصَلِّي فِي قَبْرِهِ وَزَادَ فِي حَدِيثِ عِيسَى مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي[6158]

4366: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں موسیٰؑ کے پاس سے گزرا اور وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ جس رات مجھے اسراء کرایا گیا۔

[43]43:بَاب: فِي ذِكْرِ يُونُسَ عَلَيْهِ السَّلَام وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُولَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى

باب: حضرت یونس علیہ السلام کا ذکر اور نبی ﷺ کا قول کہ کسی شخص کو نہیں چاہیے کہ وہ کہے کہ میں یونس بن متّٰی سے افضل ہوں

4367{166}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالُوا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ

4367: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ وہ یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے کسی بندہ کو نہیں چاہے کہ وہ کہے کہ میں

4366: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ 4365

تخریج: نسائی کتاب قیام اللیل وتطوع النهار ذکر صلاة نبی الله موسیٰ 1631، 1632، 1633، 1634، 1635، 1636، 1637

4367: اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسی 4362، 4363، 4364

تخریج : بخاری کتاب الخصومات باب ما یذکر فی الاشخاص والخصومة 2411 ، 2412 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ وذکرہ بعد 3408 باب قول الله تعالیٰ وانّ یونس لمن المرسلین 3412، 3413 ، 3414 ، 3415 ، 3416 کتاب التعبیر باب قوله انا اوحینا الیک 4604 باب قوله ویونس ولوطاً وکلًا 4630 ، 4631 باب ونفخ فی الصور فصعق من فی السماء 4813 کتاب الرقاق باب نفخ الصور 6517 ، 6518 کتاب التوحید باب قول الله تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء 7472 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الزمر 3245 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین الانبیاء 4668، 4669، 4670، 4671

سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ يَعْنِي اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ لِي و قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى لِعَبْدِي أَنْ يَقُولَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى عَلَيْهِ السَّلَام قَالَ ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ[6159]

یونس بن متّی علیہ السلام سے بہتر ہوں۔ایک روایت میں (لَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ لِي کی بجائے) لَا يَنْبَغِي لِعَبْدِي کے الفاظ ہیں۔

4368{167}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْعَالِيَةِ يَقُولُ حَدَّثَنِي ابْنُ عَمِّ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا يَنْبَغِي لِعَبْدٍ أَنْ يَقُولَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى وَنَسَبَهُ إِلَى أَبِيهِ[6160]

4368:قتادہ سے روایت ہے کہ میں نے ابوالعالیہ کو کہتے ہوئے سنا کہ مجھے تمہارے نبی ﷺ کے چچا زاد یعنی ابن عباسؓ نے بتایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا کسی بندہ کے لئے نہیں چاہئے کہ وہ کہے کہ میں یونس بن متّی سے افضل ہوں اور آپؐ نے اس (یونسؑ) کا ان کے والد کی طرف منسوب کرکے ذکر فرمایا۔

[44]44:بَاب مِنْ فَضَائِلِ يُوسُفَ عَلَيْهِ السَّلَام

حضرت یوسف علیہ السلام کے کچھ فضائل کا بیان

4369{168} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ

4369:حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ عرض کیا گیا یا رسولؐ اللہ! لوگوں میں سے سب سے معزز کون

4368 : تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ وھل اتک حدیث موسیٰ وکلم اللہ موسیٰ تکلیما 3395 باب قول اللہ تعالیٰ وان یونس لمن المرسلین 3412، 3413، 3415 ، 3416 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التمییز بین الانبیاء علیہم الصلاۃ والسلام 4669 ، 4670

4369 : اطراف:مسلم کتاب فضائل الصحابة باب خیار الناس 4574کتاب البرّ والصلة والآداب باب ذمّ ذی الوجھین وتحریم فعلہ 4700، 4701، 4702 باب الارواح جنود مجندة 4773، 4774 =

قَالُوا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ أَكْرَمُ النَّاسِ قَالَ أَتْقَاهُمْ قَالُوا لَيْسَ عَنْ هَذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَيُوسُفُ نَبِيُّ اللَّهِ ابْنُ نَبِيِّ اللَّهِ ابْنِ نَبِيِّ اللَّهِ ابْنِ خَلِيلِ اللَّهِ قَالُوا لَيْسَ عَنْ هَذَا نَسْأَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْأَلُونِي خِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوا[6161]

ہے؟ آپؐ نے فرمایا جوان میں سے سب سے زیادہ متقی ہے۔انہوں نے عرض کیا ہم آپؐ سے اس بارہ میں نہیں پوچھ رہے۔ آپؐ نے فرمایا پھر یوسف جو اللہ کا نبی تھا، اللہ کے نبی کا بیٹا اور وہ اللہ کے نبی کا بیٹا اور وہ (ابراہیم) خلیل اللہ کا بیٹا۔ انہوں نے عرض کیا ہم اس بارہ میں بھی نہیں پوچھ رہے۔ آپؐ نے فرمایا پھر کیا تم قبائل عرب کے بارہ میں پوچھ رہے ہو۔ اسلام میں ان میں سے سب سے بہتر وہی ہیں جو جاہلیت میں ان میں سب سے بہتر تھے بشرطیکہ (دین کی) سمجھ بوجھ رکھیں۔

[45]45:بَاب فِي فَضَائِلِ زَكَرِيَّاءَ عَلَيْهِ السَّلَام

حضرت زکریا علیہ السلام کے فضائل کا بیان

4370{169}حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ زَكَرِيَّاءُ نَجَّارًا[6162]

4370: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حضرت زکریا بڑھئی تھے۔

=تخریج : **بخاری** کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واتخذاللہ ابراھیم خلیلاً 3353باب ام کنتم شھداء اذ حضر یعقوب الموت 3374 باب لقد فی یوسف واخوته 3383کتاب المناقب باب قول اللہ تعالیٰ یایھا الناس انّا خلقناکم 3490 ، 3493 کتاب التفسیر باب قوله لقد کان فی یوسف واخوته 4689

4370:تخریج:ابن ماجه کتاب التجارات باب الصناعات 2150

[46]46:بَاب مِنْ فَضَائِلِ الْخَضِرِ عَلَيْهِ السَّلَام

حضرت خضر علیہ السلام کے فضائل کا بیان

4371{170}حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَعُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ كُلُّهُمْ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِيَّ يَزْعُمُ أَنَّ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام صَاحِبَ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَيْسَ هُوَ مُوسَى صَاحِبَ الْخَضِرِ عَلَيْهِ السَّلَام فَقَالَ كَذَبَ عَدُوُّ اللَّهِ سَمِعْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَامَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام خَطِيبًا فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ فَسُئِلَ أَيُّ النَّاسِ أَعْلَمُ فَقَالَ أَنَا أَعْلَمُ قَالَ فَعَتَبَ اللَّهُ عَلَيْهِ إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ فَأَوْحَى اللَّهُ إِلَيْهِ أَنَّ عَبْدًا مِنْ عِبَادِي بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ

4371: حضرت سعید بن جبیرؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابن عباسؓ سے کہا کہ نوف بکالی گمان کرتا ہے کہ بنی اسرائیل والے موسیٰ علیہ السلام خضر والے موسیٰ نہیں ہیں۔اس پر حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ اللہ کا دشمن غلط کہتا ہے۔میں نے حضرت ابی بن کعبؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ موسیٰؑ بنی اسرائیل میں خطاب کرنے کے لئے کھڑے ہوئے تو ان سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سے سب سے زیادہ کون جانتا ہے؟اس پر موسیٰؑ نے کہا میں سب سے زیادہ جانتا ہوں۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس پر اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا،اس لئے کے کہ انہوں نے اللہ اعلم نہیں کہا۔اس پر اللہ نے ان کی طرف وحی کی کہ دو سمندروں کے ملنے کی جگہ پر میرے بندوں میں سے ایک بندہ ہے جو تم سے زیادہ عالم ہے۔موسیٰؑ نے کہا اے میرے رب!میں اس تک کیسے پہنچ سکتا

4371:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل الخضر علیہ السلام 4372 ، 4373 ، 4374کتاب القدر باب معنی کل مولود یولد علی الفطرۃ 4797

تخریج :بخاری کتاب العلم باب ماذکر فی ذھاب موسیٰ 74باب الخروج فی طلب العلم 78باب ما یستحب للعالم اذا سُئل 122کتاب الاجازۃ باب اذا استاجر اجیراً 2267 کتاب الشروط باب الشروط مع الناس بالقول 2728کتاب بدء الخلق باب صفۃ ابلیس وجنودہ 3278کتاب احادیث الانبیاء باب حدیث خضر مع موسیٰ علیھما السلام 3400 ، 3401کتاب التفسیر باب قولہ واذقال موسیٰ لفتٰہ 4725 ، 4726 ، 4727کتاب الایمان والنذور باب اذا حنث ناسیاً فی الایمان 6672کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ تؤتی الملک من تشآء 7478 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ الکھف 3149 ، 3150 **ابوداؤد** کتاب الحروف والقراءات باب 3984 کتاب السنۃ باب فی القدر 4705 ، 4706 ، 4707

أَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ مُوسَى أَيْ رَبِّ كَيْفَ لِي بِهِ فَقِيلَ لَهُ احْمِلْ حُوتًا فِي مِكْتَلٍ فَحَيْثُ تَفْقِدُ الْحُوتَ فَهُوَ ثَمَّ فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقَ مَعَهُ فَتَاهُ وَهُوَ يُوشَعُ بْنُ نُونٍ فَحَمَلَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام حُوتًا فِي مِكْتَلٍ وَانْطَلَقَ هُوَ وَفَتَاهُ يَمْشِيَانِ حَتَّى أَتَيَا الصَّخْرَةَ فَرَقَدَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام وَفَتَاهُ فَاضْطَرَبَ الْحُوتُ فِي الْمِكْتَلِ حَتَّى خَرَجَ مِنَ الْمِكْتَلِ فَسَقَطَ فِي الْبَحْرِ قَالَ وَأَمْسَكَ اللَّهُ عَنْهُ جِرْيَةَ الْمَاءِ حَتَّى كَانَ مِثْلَ الطَّاقِ فَكَانَ لِلْحُوتِ سَرَبًا وَكَانَ لِمُوسَى وَفَتَاهُ عَجَبًا فَانْطَلَقَا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمَا وَلَيْلَتِهِمَا وَنَسِيَ صَاحِبُ مُوسَى أَنْ يُخْبِرَهُ فَلَمَّا أَصْبَحَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هَذَا نَصَبًا قَالَ وَلَمْ يَنْصَبْ حَتَّى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِي أُمِرَ بِهِ قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنْسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا قَالَ مُوسَى ذَلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصًا قَالَ يَقُصَّانِ آثَارَهُمَا حَتَّى أَتَيَا الصَّخْرَةَ فَرَأَى رَجُلًا مُسَجًّى عَلَيْهِ بِثَوْبٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ

ہوں۔ موسیٰؑ سے کہا گیا کہ ٹوکری میں مچھلی ڈالو جہاں تم مچھلی گم کردو تو وہاں وہ ہوگا۔ پھر وہ (موسیٰؑ) چل پڑے اور ان کے ساتھ ان کا خادم یوشع بن نون بھی چل پڑا۔ پس موسیٰؑ نے ٹوکری میں ایک مچھلی اٹھائی اور پھر حضرت موسیٰؑ اور ان کا جوان دونوں چلنے لگے یہاں تک کہ وہ دونوں ایک چٹان کے پاس آئے تو موسیٰ علیہ السلام اور ان کا جوان سو گئے اور مچھلی ٹوکری میں ہلنے لگی یہاں تک کہ وہ ٹوکری سے نکل کر سمندر میں گر گئی۔ راوی کہتے ہیں کہ اللہ نے اس سے پانی کے بہاؤ کو روک دیا یہاں تک وہ سرنگ کی طرح ہو گیا اور مچھلی کے لئے راستہ بن گیا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اور آپ کے جوان کو تعجب ہوا۔ پھر وہ دونوں اپنے باقی دن اور رات بھی چلتے رہے اور موسیٰ علیہ السلام کا ساتھی ان کو بتانا بھول گیا۔ پھر جب موسیٰ علیہ السلام نے صبح کی تو انہوں نے اپنے جوان سے کہا کہ ہمیں صبح کا کھانا لا کر دو۔ ہمیں ہمارے اس سفر کی وجہ سے بڑی تھکان پہنچی ہے☆ فرمایا کہ موسیٰؑ کو اس وقت تھکان نہ ہوئی جب تک وہ اس جگہ سے گذر نہ گئے جہاں تک جانے کا انہیں حکم دیا گیا تھا۔ اس نے کہا کیا آپؐ کو پتہ چلا کہ جب ہم نے چٹان پر پناہ لی تھی تو میں مچھلی بھول گیا؟ اور مجھے شیطان کے سوا کسی نے یہ بات نہ بھلائی کہ میں اسے یاد رکھتا۔ پس اس

☆ (الکھف:63)

مُوسَى فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ أَنَّى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ قَالَ أَنَا مُوسَى قَالَ مُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ قَالَ نَعَمْ قَالَ إِنَّكَ عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللَّهِ عَلَّمَكَهُ اللَّهُ لَا أَعْلَمُهُ وَأَنَا عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللَّهِ عَلَّمَنِيهِ لَا تَعْلَمُهُ قَالَ لَهُ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَى أَنْ تُعَلِّمَنِي مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قَالَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَى مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا قَالَ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللَّهُ صَابِرًا وَلَا أَعْصِي لَكَ أَمْرًا قَالَ لَهُ الْخَضِرُ فَإِنْ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْأَلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتَّى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا قَالَ نَعَمْ فَانْطَلَقَ الْخَضِرُ وَمُوسَى يَمْشِيَانِ عَلَى سَاحِلِ الْبَحْرِ فَمَرَّتْ بِهِمَا سَفِينَةٌ فَكَلَّمَاهُمْ أَنْ يَحْمِلُوهُمَا فَعَرَفُوا الْخَضِرَ فَحَمَلُوهُمَا بِغَيْرِ نَوْلٍ فَعَمَدَ الْخَضِرُ إِلَى لَوْحٍ مِنْ أَلْوَاحِ السَّفِينَةِ فَنَزَعَهُ فَقَالَ لَهُ مُوسَى قَوْمٌ حَمَلُونَا بِغَيْرِ نَوْلٍ عَمَدْتَ إِلَى سَفِينَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا ثُمَّ خَرَجَا مِنَ السَّفِينَةِ فَبَيْنَمَا هُمَا

نے سمندر میں عجب طریق سے اپنی راہ بنالی۔[1] اس نے کہا یہی تو ہم چاہتے تھے۔ پس وہ دونوں اپنے نقوشِ قدم کا کھوج لگاتے ہوئے لوٹ گئے۔[2] راوی کہتے ہیں کہ وہ دونوں اپنے نقوش قدم کی پیروی کرتے رہے یہانتک کہ وہ دونوں اس چٹان کے پاس آ گئے تو انہوں نے ایک شخص کو دیکھا جو کپڑا اوڑھے ہوئے تھا۔ موسیٰ نے اسے سلام کہا اور خضرؑ نے اس سے کہا کہ تمہارے ملک میں سلام کہاں؟ انہوں نے کہا میں موسیٰؑ ہوں۔ انہوں نے پوچھا کہ بنی اسرائیل کے موسیٰؑ؟ انہوں نے کہا ہاں۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے پاس اللہ کی طرف سے ایسا علم ہے جو اللہ نے آپ کو سکھایا ہے جسے میں نہیں جانتا اور مجھے اللہ کی طرف سے ایسا علم ہے جو اس نے مجھے سکھایا ہے جسے آپ نہیں جانتے۔ موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا کیا میں اس غرض سے آپ کی پیروی کرسکتا ہوں کہ مجھے بھی اس ہدایت میں سے کچھ سکھادیں جو آپ کو سکھلائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا یقیناً تو ہرگز میرے ساتھ صبر کی استطاعت نہیں رکھے گا اور تو کیسے اس پر صبر کر سکے گا جس کا تو تجربہ کے ذریعہ احاطہ نہیں کرسکا۔ اس نے کہا اگر اللہ نے چاہا تو مجھے صبر کرنے والا پائے گا اور میں کسی امر میں تیری نافرمانی نہیں کروں گا[3]۔ اس نے کہا پس اگر تو

1۔الکھف:64 2۔الکھف:65 3۔الکھف:67، 68، 69، 70

يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ إِذَا غُلَامٌ يَلْعَبُ مَعَ الْغِلْمَانِ فَأَخَذَ الْخَضِرُ بِرَأْسِهِ فَاقْتَلَعَهُ بِيَدِهِ فَقَتَلَهُ فَقَالَ مُوسَى أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ وَهَذِهِ أَشَدُّ مِنَ الْأُولَى قَالَ إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي عُذْرًا فَانْطَلَقَا حَتَّى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ يَقُولُ مَائِلٌ قَالَ الْخَضِرُ بِيَدِهِ هَكَذَا فَأَقَامَهُ قَالَ لَهُ مُوسَى قَوْمٌ أَتَيْنَاهُمْ فَلَمْ يُضَيِّفُونَا وَلَمْ يُطْعِمُونَا لَوْ شِئْتَ لَتَخِذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا قَالَ هَذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْحَمُ اللَّهُ مُوسَى لَوَدِدْتُ أَنَّهُ كَانَ صَبَرَ حَتَّى يُقَصَّ عَلَيْنَا مِنْ أَخْبَارِهِمَا قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ الْأُولَى مِنْ مُوسَى نِسْيَانًا قَالَ وَجَاءَ عُصْفُورٌ حَتَّى وَقَعَ عَلَى حَرْفِ السَّفِينَةِ ثُمَّ نَقَرَ فِي الْبَحْرِ فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ مَا نَقَصَ عِلْمِي وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ

میرے پیچھے چلے تو مجھ سے کسی چیز کے متعلق سوال نہیں کرنا یہاں تک کہ میں خود تجھ سے اس کا کوئی ذکر چھیڑوں[1]۔ اس نے کہا ہاں پھر حضرت خضرؑ اور موسیٰؑ دونوں سمندر کے کنارے چل پڑے اتنے میں ان کے پاس سے کوئی کشتی گزری تو ان دونوں نے ان سے بات کی کہ وہ انہیں سوار کرلیں انہوں نے خضر کو پہچان لیا اور ان دونوں کو بغیر کسی اجرت کے سوار کر لیا۔ پھر خضرؑ نے اس کشتی کے ایک تختے کو اکھیڑ دیا۔ حضرت موسیٰؑ نے ان سے کہا یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہمیں بغیر کرایہ کے سوار کیا تھا۔ آپ نے ان کی کشتی میں سوراخ کر دیا ہے تا کہ کشتی والوں کو غرق کر دیں۔ یقیناً آپ نے ایک عجیب کام کیا ہے۔ انہوں نے کہا میں نے کہا نہیں تھا کہ تو ہرگز میرے ساتھ صبر کی استطاعت نہیں رکھ سکے گا۔ اس نے کہا جو میں بھول گیا اس کا مجھ سے مؤاخذہ نہ کر اور میرے معاملہ میں سختی کرتے ہوئے مجھے مشقت میں نہ ڈال[2]۔ پھر وہ دونوں اس کشتی سے نکلے اور اس اثناء میں کہ وہ ساحل پر چل رہے تھے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک لڑکا ہے جو دوسرے لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا ہے۔ خضرؑ نے اس کو سر سے پکڑا اور اسے اپنے ہاتھ سے اوپر کھینچا اور اسے قتل کر دیا۔ اس پر موسیٰؑ نے کہا کیا آپ نے ایک معصوم جان کو بغیر کسی جان کے بدلہ قتل کر دیا۔

1۔ الکھف : 71　2۔ الکھف : 74 , 73 , 72

اللَّه إِلَّا مِثْلَ مَا نَقَصَ هَذَا الْعُصْفُورُ مِنْ الْبَحْرِ قَالَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ وَكَانَ يَقْرَأُ وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا وَكَانَ يَقْرَأُ وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا[6163]

یقیناً آپ نے ایک بڑا ناپسندیدہ کام کیا ہے۔اس نے کہا کیا میں نے آپ کونہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔[1] یہ پہلے سے زیادہ سخت تھا۔انہوں نے کہا کہ اگر اس کے بعد میں تجھ سے کوئی سوال کروں تو پھر مجھے اپنے ساتھ نہ رہنے دینا۔یقیناً میری طرف سے تو ہر جواز پاچکا ہے۔وہ دونوں روانہ ہوئے یہانتک کہ جب وہ ایک بستی والوں کے پاس پہنچے تو اس کے مکینوں سے انہوں نے کھانا مانگا لیکن انہوں نے انکار کر دیا کہ ان کی میزبانی کریں۔وہاں انہوں نے ایک دیوار دیکھی جو گرنے والی تھی وہ کہہ رہے تھے کہ وہ جھک رہی تھی تو انہوں نے اسے سیدھا کر دیا[2]۔خضرؑ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور اسے سیدھا کر دیا۔موسیٰؑ نے اس سے کہا یہ ایسے لوگ ہیں کہ ہم ان کے پاس آئے لیکن انہوں نے ہماری مہمان نوازی نہ کی اور ہمیں کھانا نہ کھلایا۔اگر آپ چاہتے تو ضرور اس پر اجرت لے سکتے تھے۔انہوں نے کہا یہ میرے اور تمہارے درمیان جدائی کا وقت ہے۔اب میں تجھے اس کی تعبیر بتاتا ہوں جس پر تو صبر نہیں کر سکا[3]۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ موسیٰؑ پر رحم کرے۔کاش وہ صبر کرتے تو ان دونوں کا حال ہم سے بیان کر دیا جاتا۔راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ پہلی دفعہ موسیٰؑ کی

1۔ الکھف :76 , 75   2۔ الکھف : 78 , 77   3۔ الکھف : 79 , 78

طرف سے بھول ہوئی تھی۔فرمایا کہ ایک چڑیا آئی اور اس کشتی کے کنارہ پر بیٹھ گئی پھر اس نے سمندر میں چونچ ماری۔خضرؑ نے ان سے کہا کہ میرے اور تیرے علم نے اللہ کے علم سے اتنا بھی کم نہیں کیا جتنا کہ اس چڑیا نے سمندر میں سے کم کیا۔سعید بن جبیر نے کہا وہ پڑھا کرتے تھے۔ **وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا** (اور دوسری آیت یوں) پڑھتے **وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا** ۔

4372{171}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ رَقَبَةَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قِيلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ إِنَّ نَوْفًا يَزْعُمُ أَنَّ مُوسَى الَّذِي ذَهَبَ يَلْتَمِسُ الْعِلْمَ لَيْسَ بِمُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ قَالَ أَسَمِعْتَهُ يَا سَعِيدُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ كَذَبَ نَوْفٌ {172}حَدَّثَنَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّهُ

4372: سعید بن جبیرؓ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ سے کہا گیا کہ نوف کا خیال ہے کہ وہ موسیٰ جو علم کی تلاش میں گئے تھے یہ بنی اسرائیل کے موسیٰ نہیں ہیں۔حضرت ابن عباسؓ نے کہا اے سعید! کیا تم نے اس سے یہ بات خود سنی ہے؟ میں نے کہا ہاں حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ نوف غلط کہتا ہے۔ہمیں حضرت ابی بن کعبؓ نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا حضرت موسیٰؑ اپنی قوم کو ایام اللہ یاد دلا رہے تھے اور ایام اللہ سے مراد

4372: اطراف : مسلم كتاب الفضائل باب من فضائل الخضر عليه السلام 4371 ، 4373 ، 4374 كتاب القدر باب معنى كل مولود يولد على الفطرة 4797

تخريج : بخاری كتاب العلم باب ماذكر فى ذهاب موسىٰ 74 باب الخروج فى طلب العلم 78 باب ما يستحب للعالم اذا سُئل 122 كتاب الاجازة باب اذا استاجر اجيراً 2267 كتاب الشروط باب الشروط مع الناس بالقول 2728 كتاب بدء الخلق باب صفة ابليس وجنوده 3278 كتاب احاديث الانبياء باب حديث خضر مع موسىٰ عليهما السلام 3400 ، 3401 كتاب التفسير باب قوله واذقال موسىٰ لفتٰه 4725 ، 4726 ، 4727 كتاب الايمان والنذور باب اذا حنث ناسياً فى الايمان 6672 كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ تؤتى الملك من تشآء 7478 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الكهف 3149 ، 3150 **ابو داؤد** كتاب الحروف والقراء ات باب 3984 كتاب السنة باب فى القدر 4705 ، 4706 ، 4707

بَيْنَمَا مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام فِي قَوْمِهِ يُذَكِّرُهُمْ بِأَيَّامِ اللَّهِ وَأَيَّامُ اللَّهِ نَعْمَاؤُهُ وَبَلَاؤُهُ إِذْ قَالَ مَا أَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ رَجُلًا خَيْرًا وَأَعْلَمَ مِنِّي قَالَ فَأَوْحَى اللَّهُ إِلَيْهِ إِنِّي أَعْلَمُ بِالْخَيْرِ مِنْهُ أَوْ عِنْدَ مَنْ هُوَ إِنَّ فِي الْأَرْضِ رَجُلًا هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ يَا رَبِّ فَدُلَّنِي عَلَيْهِ قَالَ فَقِيلَ لَهُ تَزَوَّدْ حُوتًا مَالِحًا فَإِنَّهُ حَيْثُ تَفْقِدُ الْحُوتَ قَالَ فَانْطَلَقَ هُوَ وَفَتَاهُ حَتَّى انْتَهَيَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَعُمِّيَ عَلَيْهِ فَانْطَلَقَ وَتَرَكَ فَتَاهُ فَاضْطَرَبَ الْحُوتُ فِي الْمَاءِ فَجَعَلَ لَا يَلْتَئِمُ عَلَيْهِ صَارَ مِثْلَ الْكُوَّةِ قَالَ فَقَالَ فَتَاهُ أَلَا أَلْحَقُ نَبِيَّ اللَّهِ فَأُخْبِرَهُ قَالَ فَنُسِّيَ فَلَمَّا تَجَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِنْ سَفَرِنَا هَذَا نَصَبًا قَالَ وَلَمْ يُصِبْهُمْ نَصَبٌ حَتَّى تَجَاوَزَا قَالَ فَتَذَكَّرَ قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنْسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا قَالَ ذَلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصًا فَأَرَاهُ مَكَانَ الْحُوتِ قَالَ هَا هُنَا وُصِفَ لِي قَالَ فَذَهَبَ يَلْتَمِسُ فَإِذَا هُوَ بِالْخَضِرِ مُسَجًّى ثَوْبًا مُسْتَلْقِيًا

اللہ کی نعمت اور اس کی آزمائش ہیں جب حضرت موسیٰؑ نے کہا کہ میں زمین میں کوئی آدمی اپنے سے زیادہ بہتر اور زیادہ عالم نہیں جانتا۔ آپؐ نے فرمایا کہ پھر اللہ نے (موسیٰؑ) کی طرف وحی کی کہ میں خیر کے بارہ میں اس سے زیادہ جانتا ہوں کہ وہ کس کے پاس ہے۔ یقیناً زمین میں ایک ایسا شخص ہے جو تم سے زیادہ عالم ہے۔ انہوں نے کہا اے میرے ربّ! ان کی طرف میری راہنمائی فرما۔ فرمایا ان کو کہا گیا۔ ایک نمک لگی مچھلی زادِراہ کے طور پر لو پھر تم جہاں مچھلی گم کرو گے وہ وہاں ہے۔ فرمایا پھر حضرت موسیٰؑ اور ان کا جوان چل پڑے یہانتک کہ وہ دونوں اس چٹان تک پہنچے مگر ان کو نظر نہ آیا پھر موسیٰؑ چل پڑے اور انہوں نے اپنے جوان کو چھوڑ دیا اور مچھلی پانی میں ہلنے لگی اور پانی آپس میں ملنے نہ لگا یہانتک کہ طاق کی مانند ہوگیا۔ فرمایا کہ موسیٰؑ کے جوان نے کہا کیا میں اللہ کے نبی سے نہ جاملوں اور انہیں اس بارہ میں بتاؤں۔ آپؐ نے فرمایا پھر اسے بھلا دیا گیا۔ پھر جب وہ دونوں آگے نکل گئے تو اس نے اپنے جوان سے کہا کہ ہمیں ہمارا کھانا دو۔ یقیناً اپنے اس سفر سے ہمیں بہت تھکان ہوئی ہے☆۔ آپؐ نے فرمایا کہ انہیں اس وقت تک تھکان نہ ہوئی جب تک کہ وہ (اس مقام سے) آگے نہ نکل گئے۔ آپؐ نے فرمایا

☆ الكهف : 63

عَلَى الْقَفَا أَوْ قَالَ عَلَى حَلَاوَةِ الْقَفَا قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَكَشَفَ الثَّوْبَ عَنْ وَجْهِهِ قَالَ وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ مَنْ أَنْتَ قَالَ أَنَا مُوسَى قَالَ وَمَنْ مُوسَى قَالَ مُوسَى بَنِي إِسْرَائِيلَ قَالَ مَجِيءٌ مَا جَاءَ بِكَ قَالَ جِئْتُ لِتُعَلِّمَنِي مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا قَالَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَى مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا شَيْءٌ أُمِرْتُ بِهِ أَنْ أَفْعَلَهُ إِذَا رَأَيْتَهُ لَمْ تَصْبِرْ قَالَ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللَّهُ صَابِرًا وَلَا أَعْصِي لَكَ أَمْرًا قَالَ فَإِنْ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْأَلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتَّى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا فَانْطَلَقَا حَتَّى إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا قَالَ انْتَحَى عَلَيْهَا قَالَ لَهُ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا فَانْطَلَقَا حَتَّى إِذَا لَقِيَا غِلْمَانًا يَلْعَبُونَ قَالَ فَانْطَلَقَ إِلَى أَحَدِهِمْ بَادِيَ الرَّأْيِ فَقَتَلَهُ فَذُعِرَ عِنْدَهَا مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام ذَعْرَةً مُنْكَرَةً قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ

پھر اسے یاد آیا۔ اس نے کہا دیکھیں کہ جب ہم نے چٹان پر پناہ لی تھی تو میں مچھلی بھول گیا تھا اور مجھے شیطان کے سوا کسی نے یہ بات نہ بھلائی کہ میں اسے یاد رکھتا اور اس نے سمندر میں عجب طریق سے اپنی راہ لی۔ انہوں نے کہا یہی تو ہم چاہتے تھے۔ پس وہ دونوں اپنے نقوش قدم کا کھوج لگاتے ہوئے لوٹ گئے۔☆ پھر اس نے موسیٰؑ کو مچھلی (کے گم ہونے) کی جگہ دکھائی۔ انہوں نے کہا کہ یہی جگہ مجھے بتائی گئی تھی۔ آپؐ نے فرمایا کہ پھر حضرت موسیٰؑ تلاش کرنے لگے تو کیا دیکھتے ہیں کہ خضر کپڑا اوڑھے سیدھے لیٹے ہوئے ہیں یا آپ ﷺ نے فرمایا کہ بغیر کسی طرف کروٹ لینے کے۔ موسیٰؑ نے کہا السلام علیکم تو خضرؑ نے کپڑا اپنے چہرہ سے ہٹایا اور کہا وعلیکم السلام۔ تم کون ہو؟ انہوں نے کہا میں موسیٰؑ ہوں۔ خضرؑ نے پوچھا کون سے موسیٰ؟ انہوں نے کہا بنی اسرائیل کا موسیٰؑ۔ خضرؑ نے کہا کوئی بڑی بات ہے جو تمہیں لائی ہے؟ حضرت موسیٰؑ نے کہا میں اس لئے آیا ہوں کہ آپ مجھے اس ہدایت میں سے کچھ سکھا دیں جو آپ کو سکھائی گئی ہے۔ خضرؑ نے کہا یقیناً تو میرے ساتھ ہرگز صبر کی طاقت نہیں رکھے گا اور تو کیسے اس پر صبر کر سکے گا جب کوئی بات جسے کرنے کا مجھے حکم دیا گیا ہے۔ میں وہ کروں گا۔ انہوں نے کہا اگر اللہ نے چاہا تو مجھے

☆ الکھف : 65 , 64

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ هَذَا الْمَكَانِ رَحْمَةُ اللَّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى مُوسَى لَوْلَا أَنَّهُ عَجَّلَ لَرَأَى الْعَجَبَ وَلَكِنَّهُ أَخَذَتْهُ مِنْ صَاحِبِهِ ذَمَامَةٌ قَالَ إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّي عُذْرًا وَلَوْ صَبَرَ لَرَأَى الْعَجَبَ قَالَ وَكَانَ إِذَا ذَكَرَ أَحَدًا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ بَدَأَ بِنَفْسِهِ رَحْمَةُ اللَّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى أَخِي كَذَا رَحْمَةُ اللَّهِ عَلَيْنَا فَانْطَلَقَا حَتَّى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ لِئَامًا فَطَافَا فِي الْمَجَالِسِ فَ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَنْ يَنْقَضَّ فَأَقَامَهُ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا قَالَ هَذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ وَأَخَذَ بِثَوْبِهِ قَالَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ فَإِذَا جَاءَ الَّذِي يُسَخِّرُهَا وَجَدَهَا مُنْخَرِقَةً فَتَجَاوَزَهَا فَأَصْلَحُوهَا بِخَشَبَةٍ وَأَمَّا الْغُلَامُ فَطُبِعَ يَوْمَ طُبِعَ كَافِرًا وَكَانَ أَبَوَاهُ قَدْ عَطَفَا عَلَيْهِ فَلَوْ أَنَّهُ أَدْرَكَ أَرْهَقَهُمَا طُغْيَانًا وَكُفْرًا فَأَرَدْنَا أَنْ يُبَدِّلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ

تو صبر کرنے والا پائے گا اور میں کسی امر میں تیری نافرمانی نہیں کروں گا۔ انہوں نے کہا پس اگر تو میرے پیچھے چلے تو مجھ سے کسی چیز کے متعلق سوال نہ کرنا یہانتک کہ میں خود تجھ سے اس کا کوئی ذکر چھیڑوں[1]۔ پس وہ دونوں روانہ ہوئے یہانتک کہ وہ کشتی میں سوار ہوئے جسے (بعد ازاں) اس نے اکھیڑ پکھیڑ دیا۔ آپؐ نے فرمایا یا اس کی طرف قصد کیا۔ موسیٰؑ نے اس سے کہا کیا تو نے اس لئے اسے توڑا ہے کہ تم اس کے اہل کو غرق کردو۔ یقیناً تو نے ایک بری بات کی ہے۔ اس نے کہا کیا میں نے کہا نہیں تھا کہ تو ہرگز میرے ساتھ صبر کی استطاعت نہیں رکھ سکے گا۔ اس نے کہا جو میں بھول گیا ہوں اس کا مجھ سے مؤاخذہ نہ کر اور میرے بارہ میں سختی کرتے ہوئے مجھے مشقت میں نہ ڈال[2]۔ وہ دونوں پھر روانہ ہوئے یہانتک کہ جب وہ کچھ لڑکوں سے ملے جو کھیل رہے تھے۔ آپؐ نے فرمایا پھر خضرؑ ان (بچوں) میں سے ایک کی طرف تیزی سے گئے اور اسے قتل کردیا۔ موسیٰ علیہ السلام اس وقت ڈر گئے اور انہوں نے کہا کیا تو نے ایک معصوم جان کو جس نے کسی کی جان نہیں لی قتل کردیا یقیناً تو نے ایک سخت ناپسندیدہ بات کی ہے[3]۔ اس موقع پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہم پر اور موسیٰؑ پر اللہ کی رحمت ہو۔ اگر موسیٰؑ جلدی نہ

1۔ الکھف 71 , 70 , 69 , 68 , 67 2۔ الکھف 74 , 73 , 72 3۔ الکھف 73

فِي الْمَدِينَةِ وَكَانَ تَحْتَهُ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى كِلَاهُمَا عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ بِإِسْنَادِ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ نَحْوَ حَدِيثِهِ [6164,6165,6166]

کرتے تو عجیب باتیں ملاحظہ کرتے۔ لیکن انہیں اپنے ساتھی سے شرمندگی محسوس ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے بعد اگر میں تجھ سے کوئی سوال پوچھوں تو پھر مجھے اپنے ساتھ نہ رہنے دینا۔ یقیناً میری طرف سے تو ہر جواز پا چکا ہے[1]۔ اگر وہ صبر کرتے تو ضرور عجیب باتیں ملاحظہ کرتے۔ راوی کہتے ہیں جب آپؐ کسی نبی کا ذکر فرماتے تو اپنے سے یوں شروع فرماتے کہ ہم پر اللہ کی رحمت ہو اور ہمارے بھائی پر اسی طرح ہم پر اللہ کی رحمت ہو۔ پھر وہ دونوں روانہ ہوئے یہاںتک کہ جب ایک کنجوس بستی والوں کے پاس پہنچے اور کئی مجالس میں گئے اور اس (بستی) کے مکینوں سے انہوں نے کھانا طلب کیا تو انہوں نے ان کی میزبانی سے انکار کر دیا۔ وہاں انہوں نے ایک دیوار دیکھی جو گرا ہی چاہتی تھی تو انہوں نے اسے سیدھا کر دیا۔ اس نے کہا اگر تو چاہتا تو ضرور اس کام پر اجرت لے سکتا تھا۔ اس نے کہا یہ میرے اور تمہارے درمیان (جدائی) کا وقت ہے[2] اور اس نے اس کا کپڑا پکڑ لیا۔ انہوں نے کہا اب میں تجھے اس کی حقیقت بتاتا ہوں جس پر تو صبر نہیں کر سکا۔ جہاں تک کشتی کا تعلق ہے تو وہ چند غریبوں کی ملکیت تھی جو سمندر میں محنت مزدوری کرتے تھے ...الخ[3]۔ پھر جب کشتی کو غصب کرنے والا آئے گا

1۔ الکھف 77 2۔ الکھف 79 , 78 3۔ الکھف 80 , 79

تو اسے عیب دار دیکھ کر اس (کشتی) کو چھوڑ دے گا اور وہ کشتی کو ایک لکڑی لگا کر درست کرلیں گے۔ پس جہاں تک اس لڑکے کا تعلق ہے تو وہ جب سے پیدا کیا گیا تھا اس کا مزاج کافرانہ مزاج تھا اور اس کے والدین اس پر بہت شفقت کرتے تھے۔ اگر وہ بڑا ہوتا تو ان دونوں پر سرکشی اور ناشکری کرتے ہوئے ناقابل برداشت بوجھ ڈال دیتا۔ پس ہم نے چاہا کہ ان کا ربّ انہیں پاکبازی کے اعتبار سے اس سے بہتر اور زیادہ رحم کرنے والا متبادل عطا کرے اور جہاں تک دیوار کا تعلق ہے تو وہ شہر میں رہنے والے دو یتیم لڑکوں کی تھی اور اس کے نیچے ان کے لئے خزانہ تھا۔۔۔الخ ☆۔

4373{173} و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا [6167]

4373: حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے پڑھا لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا۔

4374{174} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ تَمَارَى هُوَ وَالْحُرُّ بْنُ قَيْسِ بْنِ حِصْنٍ

4374: حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ ان کی اور حُرّ بن قیس بن حصن الفزاری کی حضرت موسیٰؑ کے ساتھی کے بارہ میں بحث ہوئی۔ حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ وہ خضرؑ تھے۔ اسی اثناء میں حضرت ابیّ بن کعبؓ انصاری ان دونوں کے پاس

4374:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل الخضر علیه السلام 4371، 4372، 4373 کتاب القدر باب معنى كل مولود يولد على الفطرة 4797 ═

الْفَزَارِيُّ فِي صَاحِبِ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هُوَ الْخَضِرُ فَمَرَّ بِهِمَا أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ الْأَنْصَارِيُّ فَدَعَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَالَ يَا أَبَا الطُّفَيْلِ هَلُمَّ إِلَيْنَا فَإِنِّي قَدْ تَمَارَيْتُ أَنَا وَصَاحِبِي هَذَا فِي صَاحِبِ مُوسَى الَّذِي سَأَلَ السَّبِيلَ إِلَى لُقِيِّهِ فَهَلْ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ شَأْنَهُ فَقَالَ أُبَيٌّ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بَيْنَمَا مُوسَى فِي مَلَإٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ هَلْ تَعْلَمُ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْكَ قَالَ مُوسَى لَا فَأَوْحَى اللَّهُ إِلَى مُوسَى بَلْ عَبْدُنَا الْخَضِرُ قَالَ فَسَأَلَ مُوسَى السَّبِيلَ إِلَى لُقِيِّهِ فَجَعَلَ اللَّهُ لَهُ الْحُوتَ آيَةً وَقِيلَ لَهُ إِذَا افْتَقَدْتَ الْحُوتَ فَارْجِعْ فَإِنَّكَ سَتَلْقَاهُ فَسَارَ مُوسَى مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَسِيرَ ثُمَّ قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا فَقَالَ فَتَى مُوسَى حِينَ سَأَلَهُ الْغَدَاءَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنْسَانِيهِ إِلَّا

سے گزرے تو حضرت ابن عباسؓ نے انہیں بلایا اور کہا اے ابوطفیل! ہمارے پاس آؤ، میری اور میرے ساتھی کی موسیٰؑ کے اس ساتھی کے بارہ میں بحث ہوئی ہے جس کی ملاقات کے لئے انہوں نے راستہ پوچھا تھا۔ پس کیا آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کو اس بارہ میں کچھ فرماتے ہوئے سنا ہے؟ اس پر حضرت اُبَیؓ نے کہا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ موسیٰؑ بنی اسرائیل کی ایک مجلس میں تھے کہ ایک شخص ان کے پاس آیا اور موسیٰؑ سے کہا کیا آپ ایسے شخص کو جانتے ہیں جو آپ سے زیادہ عالم ہو؟ موسیٰؑ نے کہا نہیں۔ اس پر اللہ نے حضرت موسیٰؑ کی طرف وحی کی نہیں بلکہ ہمارا بندہ خضرؑ ہے راوی نے کہا کہ پھر حضرت موسیٰؑ نے ان سے ملنے کے لئے راستہ پوچھا تو اللہ نے ان کے لئے مچھلی کو نشان بنایا اور ان سے کہا گیا کہ جب تم مچھلی گم کرو تو واپس آنا۔ یقیناً تم ضرور اس سے مل لو گے۔ پھر موسیٰؑ جتنا اللہ نے چاہا چلتے گئے۔ پھر انہوں نے اپنے جوان سے کہا ہمیں ہمارا کھانا لا دو۔ موسیٰؑ کے جوان نے، جب آپ نے اس سے کھانا طلب کیا، کہا دیکھیں جب ہم نے چٹان پر

تخریج : بخاری كتاب العلم باب ماذكر فى ذهاب موسىٰ 74باب الخروج فى طلب العلم 78باب ما يستحب للعالم اذا سُئل 122 كتاب الاجازة باب اذا استاجر اجيرًا 2267 كتاب الشروط باب الشروط مع الناس بالقول 2728كتاب بدء الخلق باب صفة ابليس وجنوده 3278 كتاب احاديث الانبياء باب حديث خضر مع موسىٰ عليهما السلام 3400 ، 3401كتاب التفسير باب قوله واذقال موسىٰ لفتٰه 4725 ، 4726 ، 4727 كتاب الايمان والنذور باب اذا حنث ناسياً فى الايمان 6672كتاب التوحيد باب قول الله تعالىٰ تؤتى الملك من تشآء 7478 **ترمذی** كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الكهف 3149 ، 3150 **ابوداؤد** كتاب الحروف والقراءات باب 3984 كتاب السنة باب فى القدر 4705 ، 4706 ، 4707

الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ فَقَالَ مُوسَى لِفَتَاهُ ذَلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصًا فَوَجَدَا خَضِرًا فَكَانَ مِنْ شَأْنِهِمَا مَا قَصَّ اللَّهُ فِي كِتَابِهِ إِلَّا أَنَّ يُونُسَ قَالَ فَكَانَ يَتَّبِعُ أَثَرَ الْحُوتِ فِي الْبَحْرِ [6168]

پناہ لی تھی تو میں مچھلی بھول گیا اور مجھے شیطان کے سوا کسی نے یہ بات نہیں بھلائی کہ میں اسے یاد رکھتا تو موسیٰؑ نے اپنے جوان سے کہا یہی تو ہم چاہتے تھے۔ پس وہ دونوں اپنے نقوش قدم کا کھوج لگاتے ہوئے لوٹ گئے☆ اور انہوں نے خضرؑ کو پایا۔ پس یہ ان دونوں کا حال تھا جو اللہ نے اپنی کتاب میں بیان فرمایا سوائے اس کے کہ (راوی) یونس نے کہا کہ موسیٰؑ اس مچھلی کے پیچھے پیچھے چلتے تھے جو سمندر میں تھی۔

☆۔ الکھف 65 , 64

الحمدللہ بارہویں جلد مکمل ہوئی۔ تیرہویں جلد ''کتاب فضائل الصحابہ'' سے شروع ہوگی۔ ان شاء اللہ

انڈیکس

آیات قرآنیہ

❁❁❁

احادیث

حروف تہجی کے اعتبار سے

مضامین

ا،ب،ت،ث

اللہ

رسول اللہ ﷺ

آبگینے

آداب

آگ

آنکھ

اجازت طلب کرنا

اجرت

اجرام فلکی

اخلاق

اسلام

صحابہؓ

صفر

صور

ط،ظ،ع،غ

طاعون

عدل

عدویٰ

عرب

عشق

عطا دیکھئے سخاوت/عطا

علاّتی

علاج

عمر

علم

عنب

عود ہندی

عورت

ف، ق، ک، گ، ل

فال

فتنہ

فرشتہ/فرشتے

کنیت رکھنا

گالی

گواہ/گواہی

گھوڑا

گوشت

گھٹی

لوہار

م،ن،و،ہ،ی

مانگ نکالنا

مجذوم

مجلس

مُحرِم

مخنث

مزاح

مسلمان

نام تبدیل کرنا

نبی/انبیاء کا ذکر

❁❁❁

اسماء

❁❁❁

مقامات

کتابیات

قرآن کریم

بخاری

ترمذی

نسائی

ابوداؤد

ابن ماجہ

مؤطاامام مالک

ملفوظات جلد نمبر5 65

شرح نووی 238

نورالقرآن نمبر2 (روحانی خزائن جلد9 صفحہ 404) 284